عوام کی آواز پاکستان کی آواز
ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
The Daily ZEBA-E-PAKISTAN
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353 رجسٹرڈ نمبر
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
قیمت 15 روپے
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
جلد نمبر 21 | بروز پیر 2 نومبر 2026ء / 21 جمادی الاول 1448ھ | شمارہ نمبر 215

افغانستان سے دہشتگردی نامنظور، دہشتگردی کی سرخ لکیر ہے پاکستان

افغان طالبان قیادت کو چاہیے کہ وہ محض بیانات اور یقین دہانیوں کے بجائے اپنی سرزمین سے پاکستان کے خلاف دہشت گردی کے خاتمے کے لیے عملی اور مؤثر اقدامات کرے

پاکستانی شہریوں کا تحفظ ریاست کی اولین ترجیح ہے اور قومی سلامتی کے معاملے پر پاکستان کے عزم کو کسی قسم کی کمزوری نہ سمجھا جائے، افغان طالبان ترجمان کی حالیہ حقائق سے چشم پوشی ہے

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد کے تازہ بیان کو گمراہ کن سوچ کا عکاس قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ کابل حکومت پاکستان کے ساتھ تعلقات میں کشید گی کی اصل وجہ، یعنی افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی، کو مسلسل نظرانداز کر رہی ہے۔ وزارتِ اطلاعات ونشریات نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری بیان میں کہا کہ افغان طالبان کی قیادت اپنی (باقی صفحہ 2 نمبر4)

ملک بھر میں تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم آج سے شروع ہوگی

97 مخصوص اضلاع میں 2 کروڑ 39 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے

لاہور (جی این ایم) ملک بھر کے 97 مخصوص اضلاع میں ذیلی قومی انسداد پولیو مہم آج 2 نومبر سے شروع ہوگی۔ رواں سال کی تیسری ذیلی قومی انسداد پولیو مہم 2 سے 8 نومبر تک جاری رہے گی، جس کے دوران (باقی صفحہ 2 نمبر3)

صوبے میں سڑکوں، پلوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے، میر سلیم کھوسہ

عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں محکمے کی بہتری اولین ترجیح ہے عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے

کوئٹہ (جی این ایم) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم کھوسہ نے کہا ہے کہ صوبے میں سڑکوں، پلوں اور دیگر ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے کام جاری ہے تاکہ عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آسکیں محکمے کی بہتری (باقی صفحہ 2 نمبر2)


وفاقی وزیر علیم خان کا کمال پور انٹرچینج پر منصوبے کا معائنہ

ایم 4 کے توسیعی منصوبے پر تعمیراتی کام تیز، اگلے ماہ کے وسط تک ٹریفک بحال کرنے کا حکم

لاہور (جی این ایم) وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے موٹروے (باقی صفحہ 2 نمبر1)

عالمی منڈی میں قیمتیں کم ہوتے ہی عوام کو فوری ریلیف فراہم کیا جائے گا، وزیر پیٹرولیم

پٹرولیم قیمتوں میں اضافے کے اثرات کم کرنے کے لیے ٹارگٹڈ سبسڈی فراہم کی ہم نے اپنے وسائل ان لوگوں پر مرکوز کر کے انہیں محفوظ رکھا جو اس کے سب سے زیادہ مستحق تھے



فیصل آباد، وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کما پلورانٹرچینج پر موٹروے ایم فور کے توسیعی کام کا معائنہ کر رہے ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک نے موسم سرما میں توانائی کے غیر ضروری استعما ل سے گریز اور بچت کو فروغ دینے پر زور دیتے ہوئے کہا کہ توانائی کے استعمال میں معمولی احتیاط بھی قیمتی زرمبادلہ کی بچت کا ذریعہ بن سکتی ہے، ایران امریکا کشیدگی (باقی صفحہ 2 نمبر7)

مکہ دفاعی معاہدے میں شمولیت پر بات چیت جاری ہے، شام

مشرق وسطیٰ کو اس وقت مشترکہ دفاعی اور بازدارقوت کے نظام کی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے، وزیر خارجہ

مانامہ (جی این ایم) شام نے مکہ مشترکہ دفاعی معاہد ے میں شمولیت کے امکان پر باضابطہ بات چیت شروع ہونے کی تصدیق کردی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق شامی وزیر (باقی صفحہ 2 نمبر10)

امریکا اور اسرائیل کا ایرانی قیادت کو حزب اللہ طرز کے پیجر حملوں سے نشانہ بنانے کا منصوبہ

واشنگٹن میں تیار کردہ جنگی منصوبے انتہائی تباہ کن ہیں، انکے نفاذ سے شہری بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، سینیٹر کرس مرفی

تل ابیب کے پاس ایسے خفیہ کارڈز اور حکمت عملی موجود ہے جو تہران کی حکومت کو مکمل طور پر گرا سکتی ہے، سابق موساد اہلکار کا دعویٰ

تل ابیب، واشنگٹن (جی این ایم) اسرائیلی خفیہ ایجنسی موساد کے ایک سابق اعلیٰ عہدیدار نے کہا ہے کہ اگر تہران کے ساتھ تنازع دوبارہ شروع ہوتا ہے تو اسرائیل اور امریکا لبنانی تنظیم حزب اللہ کے خلا ف کیے گئے پیجر حملوں کی طرز پر ایک انتہائی اچانک اور حیرت انگیز کارروائی کے (باقی صفحہ 2 نمبر5)

کوئٹہ، انسدادِ بدعنوانی کی خصوصی عدالت کا بڑا فیصلہ

ٹھیکیدار اور ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ نصیر آباد کو 7,7 سال قید کی سزا

کوئٹہ (جی این ایم) خصوصی عدالت انسداد بدعنوانی بلوچستان کوئٹہ کے جج نجیب اللہ خان کاکڑ نے مقدمہ نمبر 03/2025 بابت ایف آئی آر نمبر 01-N/2024 تھانہ اینٹی کرپشن بلوچستان میں ٹھیکیدار اور ڈپٹی ڈائریکٹر واٹر مینجمنٹ نصیر آباد کے خلاف جرم ثابت ہونے (باقی صفحہ 2 نمبر6)

بھارت پاکستان میں دہشتگردی سب سے بڑا سپانسر ہے

ڈی جی آئی ایس پی آر

افغانستان اب بھی غیر ریاستی عناصر کے زیر اثر ہے اور وہاں ایک رجیم قائم ہے، افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد متعدد انٹیلی جنس ایجنسیوں اور پراکسی گروپس نے اپنی جڑیں مضبوط کر لیں



مسلم لیگ (ن) کے سینئر سیاستدان ملک سلطان محمود بخیر اور وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کر رہے ہیں

خبر رساں ادارے 'رائٹر' کو 30 اکتوبر کو دے گئے انٹرویو میں لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری کا کہنا تھا کہ بھارت پاکستان میں دہشت گردی کا سب سے بڑا سپانسر ہے جبکہ افغان طالبان رجیم بھارت کی پراکسی کے طور پر کام کر رہا ہے۔ اُنہوں نے کہا کہ دہشت گرد تنظیمیں تحریک طالبان پاکستان (ٹی ٹی پی) اور بلوچستان لبریشن آرمی (بی ایل اے) بھی پاکستان کے خلاف بھارتی پراکسی ہیں، افغان طالبان اپنے مذموم مقاصد کے لیے غیر ریاستی عناصر اور کرائے کے جنگجوؤں کو استعمال کر رہے ہیں۔ ترجمان پاک فوج کہنا تھا کہ افغانستان اب بھی غیر ریاستی عناصر کے زیر اثر ہے اور وہاں ایک رجیم قائم ہے، افغانستان میں روسی مداخلت کے بعد متعدد انٹیلی جنس ایجنسیوں اور پراکسی گروپس نے اپنی جڑیں مضبوط کر لیں، جیش العدل، القاعدہ اور داعش خراسان (آئی ایس کے پی) جیسی بین الاقوامی دہشت گرد تنظیمیں (باقی صفحہ 2 نمبر11)

ایل پی جی قیمتوں میں مزید اضافے کا خدشہ، ایسوسی ایشن کا ہڑتال کا اعلان

حکومت کے نئے قیمتوں کے تعین سے متعلق طریقہ کار کے خلاف مشترکہ طور پر ہڑتال کا فیصلہ کیا گیا

16 نومبر سے ملک بھر میں ایل پی جی کی فروخت معطل کر دی جائے گی، سینئر وائس چیئرمین علی حیدر

اسلام آباد (جی این ایم) حکومت کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتوں کے تعین کے لیے نیا فارمولا متعارف کرانے کے خلاف ایل پی جی ایسوسی ایشنز نے ملک گیر ہڑتال کا اعلان کر دیا ہے۔ ایسوسی ایشن کے اعلان کے مطابق ہڑتال کا آغاز 16 نومبر سے ہوگا اور اس دوران مائع پیٹرولیم گیس (ایل پی جی) کی فروخت بند رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ایل پی جی مارکیٹرز ایسوسی ایشن کے سینئر وائس چیئرمین علی حیدر نے حکومتی پرائسنگ (باقی صفحہ 2 نمبر13)

پی آئی اے کا پہلا بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد (جی این ایم) پی آئی اے کا پہلا بوئنگ 787-9 ڈریم لائنر طیارہ پاکستان پہنچ گیا۔ سی ای او پی آئی اے ایئر وائس مارشل عامر حیات نے اپنی ٹیم کے ہمراہ اسلام آباد ایئرپورٹ پر پہلے ڈریم لائنر طیارے کا استقبال کیا۔ (باقی صفحہ 2 نمبر14)

بلاول بھٹو زرداری کا گلگت بلتستان کے 79ویں یوم آزادی پر پیغام

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79ویں یوم آزادی پر اپنے خصوصی پیغا م میں یوم آزادی (باقی صفحہ 2 نمبر17)

خان آف قلات کے ولی عہد کی بازیابی پر جان اچکزئی کی اہل خانہ کو مبارکباد

پرنس آغا محمد خان بحفاظت بازیابی کی وجہ سیکیورٹی فورسز کا کامیاب آپریشن ہے، جان اچکزئی

کوئٹہ (جی این ایم) سابق صوبائی وزیر جان اچکزئی نے دعویٰ کیا ہے کہ سیکیورٹی فورسز نے ایک اہم آپریشن کے دوران خان آف قلات کے ولی عہد پرنس آغا محمد خان کو بحفاظت بازیاب کروا لیا ہے۔ جان اچکزئی نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے (باقی صفحہ 2 نمبر12)

دہشت گردی کے خلاف جنگ اور عدل وانصاف پر غلطی کی کوئی گنجائش نہیں، فیصل کنڈی

مولانا ریاست کیخلاف جو باتیں کر رہے ہیں، کیا اس کے بعد وہ ریاست میں رہنے کے قابل ہیں؟، گورنر خیبر پشتونخوا

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈ ی نے جے یو آئی سربراہ مولانا فضل الرحمان کے حالیہ ریاست مخالف بیانیے پر ان پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک دوسرے کے خلاف سیاسی بیانات کا سلسلہ چلتا رہتا ہے، مگر مولانا ریاست کے خلاف جو باتیں کر رہے ہیں، کیا اس کے بعد وہ ریاست میں رہنے کے قابل ہیں؟۔ ایک انٹرویو میں گورنر کے پی نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر15)

گنداخہ، صوبائی وزیر لائیو اسٹاک فیصل خان جمالی کا ڈی ایس پی سرکل دفتر کا دورہ

ضلع اوستہ محمد کے انتظامی ڈھانچے کو مضبوط کر رہے ہیں، امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا، صوبائی وزیر

گنداخہ (جی این ایم) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی نے ڈی ایس پی سرکل گنداخہ کے دفتر کی خستہ حال عمارت کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے عمارت کی موجودہ صورتحال، پولیس افسران کو درپیش دفتری مشکلات اور مرمت و بحالی کے امور کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی سرکل گنداخہ محمد علی جمالی اور ایس ایچ او گنداخہ نواب علی جمالی نے (باقی صفحہ 2 نمبر16)

گیس بحران میں مزید اضافہ، نئے گھریلو کنکشن پر پابندی غیر معینہ مدت تک بڑھا دی گئی

کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند، ہزاروں افراد فوری کنکشن کے لیے اضافی فیس ادا کرنے کے باوجود انتظار میں ہیں

کنکشن پر پابندی وزارت پیٹرولیم نے عائد کی ہے، ایران امریکا جنگ رکنے کے بعد ہی کنکشن بحالی کا امکان ہے، سوئی گیس حکام

لاہور (جی این ایم) سوئی گیس کمپنی نے گھریلو کنکشن پر پابندی میں غیر معینہ مدت تک توسیع کر دی۔ ذ رائع کے مطابق رواں ماہ سے کمرشل تندور ہوٹل سمیت دیگر کنکشن بھی بند کر دیے گئے ہیں جبکہ ہزار وں صارفین ارجنٹ فیس جمع کروانے کے باوجود کنکشن سے محروم ہیں۔ (باقی صفحہ 2 نمبر35)

پارلیمانی کمیٹیوں میں برابر نمائندگی کا مطالبہ قانون کے مطابق نہیں، نیئر بخاری

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان پیپلز پارٹی پارلی مینٹیرینز (پی پی پی پی) کے سیکرٹری جنرل سید نیر حسین بخاری نے کہا (باقی صفحہ 2 نمبر34)

جنگ دوبارہ شروع ہونے کی صورت میں ایران کا انتقامی منصوبہ

تہران (جی این ایم) ایران کے ایک سینئر سیکیورٹی اہلکار نے انکشاف کیا ہے کہ تہران نے مشرق وسطیٰ میں واقع مصنوعی ذہانت (اے آئی) اور ڈیٹا مراکز کو اپنے ممکنہ جوابی اہداف (باقی صفحہ 2 نمبر33)



اسلام آباد، ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سید دال خان جاپان سے سے آئے وفد کے سربراہ مسٹر عرفان صدیقی کو شیلڈ دے رہے ہیں

ژوب، ژوب وشیرانی میں انٹرنیٹ کی طویل بندش کے خلاف طلبہ تنظیموں کی مشترکہ احتجاجی ریلی

تعلیمی ومعاشی مشکلات بڑھ گئیں، کلیوال شہید کمال خان چوک پر مظاہرہ، انٹرنیٹ کی فوری بحالی کا مطالبہ

ژوب (جی این ایم) ژوب وشیرانی میں انٹرنیٹ سروس کی بندش کے خلاف طلبا تنظیموں کی ڈگری کالج ژوب سے مشترکہ احتجاجی ریلی نکالی گئی ژوب و شیرانی میں گزشتہ ایک ماہ سے انٹرنیٹ سروس کی مسلسل بندش کے خلاف آج ڈگری کالج ژوب سے طلبا تنظیموں آئی ایس ایف پی ایس ایو اسلامی جماعت طلبا اور دیگر طلبا تنظیموں کی جانب سے مشترکہ احتجاجی ریلی (باقی صفحہ 2 نمبر32)

خضدار، بلوچستان یونیورسٹی سے منسلک پرائیویٹ لا کالجز کے طلبہ کا سالانہ امتحانات کے فوری انعقاد کا مطالبہ

نومبر شروع ہونے کے باوجود امتحانی شیڈول جاری نہ ہوسکا، مزید تاخیر تعلیمی مستقبل کے لیے تباہ کن ہوگی، طلبہ کا مشترکہ بیان

خضدار (جی این ایم) بلوچستان یونیورسٹی سے منسلک تمام پرائیویٹ لا کالجز کے طلبا نے اپنے مشترکہ بیان میں شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ سالانہ امتحانات کو فوری طور پر منعقد کیا جائے اور ان کے شیڈول کا اعلان کیا جائے طلبا کا کہنا ہے کہ پانچ سالہ پروگرام کے طویل دورانیے کی وجہ سے ان کا تعلیمی حرج پہلے ہی ہو چکا ہے، اور اب سالانہ نظام کے تحت مزید تاخیر ان کے مستقبل کے لیے تباہ کن ثابت ہوگی ماضی میں یہ امتحانات نومبر میں منعقد کیے (باقی صفحہ 2 نمبر31)



کراچی، پیپلز پارٹی کے کارکنان کے۔الیکٹرک اور سوئی سدرن گیس کمپنی (ایس ایس جی سی) کی جانب سے ظالمانہ لوڈشیڈنگ کے خلاف کے پی سی کے باہر احتجاج کر رہے ہیں

ژوب میں انٹرنیٹ بندش کے خلاف طلبا کا احتجاج

ژوب (جی این ایم) ژوب میں انٹرنیٹ بندش کے خلاف طلبا کا احتجاج

یکم نومبر 1947 گلگت بلتستان کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، طارق فضل

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے پارلیمانی امور ڈاکٹر طارق فضل چوہدری نے کہا ہے کہ یکم نومبر 1947 گلگت بلتستان کی (باقی صفحہ 2 نمبر29)

جی-24 کی چیئرمین شپ کا ملنا عالمی سطح پر پاکستان کے مؤثر کردار کا اعتراف ہے، وزیر اعظم

وزیر اعظم کی وزیر خزانہ اور ان کی ٹیم کو خراجِ تحسین، G-24 کی صدارت عالمی مالیاتی نظام میں ضروری اصلاحات کا اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگی

موسمیاتی تبدیلیوں اور پائیدار ترقی کے لیے پاکستان اپنا مؤثر کردار ادا کرتا رہے گا: شہباز شریف کا شمولیت پر اظہار مسرت

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نیا عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی آواز مؤثر بنانے کی تیسری 24 گروپ کی سربراہی سنبھال لی، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب جی 24 کے نئے چیئرمین بن گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر خزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ پاکستان عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی مناسب نمائندگی اور منصفانہ مالیاتی نظام کے لیے آواز بلند کرے گا، عالمی معاشی پالیسیوں میں ترقی کو مرکزی اہمیت دینے کی ضرورت ہے، معاشی استحکام کیثمرات سرمایہ کاری، روزگار اور عوامی خوشحالی کی صورت میں سامنے آنے چاہئیں۔ وزیر خزانہ نے عالمی مالیاتی اداروں میں ترقی پذیر ممالک کی نمائندگی بڑھانے اور تمام ممالک کو فیصلہ سازی میں مناسب حصہ دینے پر زور دیا، ترقی پذیر ممالک کو سستی اور بروقت مالی معاونت فراہم کی جائے، قرضوں کے مسائل (باقی صفحہ 2 نمبر20)

بروقت ہینڈلنگ سے زرعی پیداوار کو فروغ اور غذائی تحفظ یقینی بنے گا: جنید انوار

بندرگاہوں کو جدید بنانے اور قیام کے دورانیے میں کمی کے لیے اصلاحات جاری ہیں

اسلام آباد (جی این ایم) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے کہا ہے کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے کھاد اور گندم لے کر آنے والے دو غیر ملکی بلک کیریئرز کو بیک وقت برتھ فراہم کر کے انجینئرز، پورٹ (باقی صفحہ 2 نمبر22)

کراچی بندرگاہ پر کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہازوں کی آمد

کراچی (جی این ایم) کراچی پورٹ پر کھاد اور گندم سے لدے 2 بحری جہاز پہنچ گئے، دونوں بحری جہازو ں کو ترجیحی بنیادوں پر برتھ فراہم کی گئی۔ ترجمان کراچی پورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 2 نمبر30)

یکم نومبر 1947 گلگت بلتستان کی تاریخ کا ناقابلِ فراموش دن ہے، طارق فضل

پولیو کا خاتمہ ہماری قومی ذمہ داری اور اہم ہدف ہے، عائشہ رضا فاروق

آج مہم شروع ہوگی، 2 کروڑ 40 لاکھ بچوں کو قطرے پلائے جائیں گے، فوکل پرسن برائے انسداد پولیو

اسلام آباد (جی این ایم) وزیر اعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق نے کہا ہے کہ ملک سے پولیو کا خاتمہ ہماری قومی ذمہ داری اور حکومتِ پاکستان کا اہم قومی ہدف ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ بچے ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں، ان کی صحت اور تندرستی کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، پولیو ایک خطرناک بیماری ہے جو بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے دوچار (باقی صفحہ 2 نمبر24)



صحبت پور، صوبائی وزیر مواصلات وتعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پولیو مہم کا آغاز کر رہے ہیں

افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی پر تشویش، پاکستان کی حمایت کرتے ہیں، امریکا

طالبان کی جانب سے ناکافی اقدامات کے باعث پاکستان نے کارروائی کی ہے، امریکا نہیں چاہتا کہ پاکستان دہشت گردی کا نشانہ بنے

کہ افغان طالبان نے اپنی سرزمین سے ہونے والے دہشت گرد حملوں کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے، امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ افغانستان سے ہونے والی دہشتگردی قابل تشویش ہے جب کہ پاکستان کی حمایت کرتے ہیں۔ مارکو روبیو کا کہنا تھا کہ پاکستان کا مؤقف ہے کہ افغان طالبان نے اپنی سرزمین سے ہونے والے دہشت گرد حملوں کو روکنے کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے، طالبان کی جانب سے ناکافی اقدامات کے باعث پاکستان نے کارروائی کی ہے، امریکا نہیں چاہتا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر27)

سپیکر قومی اسمبلی کی گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد

گلگت بلتستان اپنی جغرافیائی اہمیت اور قدرتی وسائل کے باعث ایک ممتاز مقام رکھتا ہے

اسلام آباد (جی این ایم) سپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق نے کہا ہے کہ یکم نومبر 1947 کا دن گلگت بلتستان کی تاریخ کا درخشاں باب ہے، گلگت بلتستان کے عوام نے بے مثال جرات، عزم اور قربانیوں سے ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی۔ اپنے تہنیتی پیغام میں سپیکر قومی اسمبلی نے کہا کہ گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے والہانہ محبت اور وابستگی پوری قوم کے لیے باعثِ فخر ہے، تحریک آزادی میں حصہ لینے والے غازیوں اور شہدا کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی۔ انہوں (باقی صفحہ 2 نمبر28)

عالمی سطح پر پاکستان کی بڑی کامیابی، جی 24 کی چیئرمین شپ مل گئی

عالمی معاشی پالیسیوں میں ترقی کو مرکزی اہمیت دینے کی ضرورت، معاشی استحکام کا فائدہ سرمایہ کاری، روزگار، عوامی خوشحالی کی صورت میں ملنا چاہیے، وزیر خزانہ

وزیر اعظم کا پاکستان کو جی 24 کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت، اہم سفارتی سنگِ میل قرار دے دیا، وزیر خزانہ اور وزارتِ خزانہ کی ٹیم کی محنت، مؤثر سفارت کاری اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کو خراجِ تحسین پیش

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان نے عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی آواز مؤثر بنانے کیلئے بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور (جی 24 گروپ) کی سربراہی سنبھال لی، وفاقی وزیر خزانہ محمد اورنگزیب جی 24 کے نئے چیئرمین بن گئے۔ اس موقع پر محمد اورنگزیب کا کہنا تھا کہ پاکستان عالمی مالیاتی نظام میں ترقی پذیر ممالک کی مناسب نمائندگی اور منصفانہ مالیاتی نظام کیلئے آواز بلند کرے گا، عالمی (باقی صفحہ 2 نمبر25)

بولان، بختیار آباد میں ایس ایس پی بولان کی گاڑی کو حادثہ، فیملی اور گارڈ سمیت 3 افراد زخمی

متاثرین کو ریسکیو 1122 سینٹر میں ابتدائی طبی امداد کے بعد سکھر منتقل کرنے کی تیاریاں

بولان (جی این ایم) ضلع بولان میں بختیار آباد کے مقام پر ایس ایس پی بولان کی گاڑی حادثے کا شکار ہو کر الٹ گئی، جس کے نتیجے میں فیملی کے افراد اور گارڈ سمیت تین افراد زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطا بق ایس ایس پی بولان اپنی فیملی کے ہمراہ اندرون سندھ سے ڈھاڈر کی طرف جا رہے تھے کہ بختیار آباد کے قریب گاڑی اچانک الٹ گئی۔ حادثے کے نتیجے میں ایس ایس پی کی فیملی کے اراکین اور ان کا گارڈ شدید زخمی ہو گئے۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی امدادی ٹیموں نے (باقی صفحہ 2 نمبر26)

صحبت پور، فائرنگ کے تبادلے کے بعد پولیس نے چھینا گیا موٹر سائیکل برآمد کر لیا، ملزمان فرار

بہترین کارکردگی پر شہریوں کا ایس ایچ او منظار علی کی گلپوشی، سابق ایس ایچ او شبیر پندرانی بھی موجود

صحبت پور (جی این ایم) صحبت پور پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مسلح ملزمان کے ساتھ فائرنگ کے تبادلے کے بعد شہریوں سے چھینا گیا موٹر سائیکل برآمد کر لیا، جبکہ ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانی درمحمد روڈ پر معمول کی چیکنگ کے دوران پولیس پارٹی پر مسلح چوروں و ڈکیتوں نے اچانک فائرنگ کر دی۔ پولیس کی جانب سے بھی فوری اور موثر جوابی فائرنگ کی گئی، جس پر ملزمان سراسیمہ (باقی صفحہ 2 نمبر18)

پولیس تھانہ صدر کی کارروائی، غیر قانونی اسلحہ سمیت ملزم گرفتار

ٹی ٹی پستول اور گولیاں برآمد، جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی، ایس ایچ او عبدالعزیز سومرو

سیوی (جی این ایم) ڈی آئی جی سیوی رینج پرویز خان عمرانی کے احکامات اور ایس ایس پی سیوی عبدالحمید کی خصوصی ہدایات پر پولیس تھانہ صدر سیوی کی کارروائی، غیر قانونی اسلحہ رکھنے والے ایک ملزم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے ٹی ٹی پستول بمعہ میگزین اور پانچ زندہ گولیاں برآمد کر لی گئیں، ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کر دی گئی تفصیلات کے مطابق ایس ڈی پی او سٹی سرکل خادم حسین مگسی کی زیر نگرانی ایس ایچ او تھانہ صدر عبدالعزیز (باقی صفحہ 2 نمبر19)



ساکران: حسن پیر ساکران شمولیت جلسے میں ایک خوبصورت بچی میر علی حسن زہری سے والہانہ محبت کا اظہار کر رہی ہے

بلوچستان میں متعدد خاندانوں کا دہشتگردی میں ملوث اہلخانہ سے اعلانِ لاتعلقی

کوئٹہ (جی این ایم) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں متعدد خاندانوں نے دہشت گردی میں ملوث اپنے بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کرتے ہوئے فتنۃ الہندوستان سے (باقی صفحہ 2 نمبر21)

بہادر لوگوں کی جرات اور قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، آصفہ زرداری

اسلام آباد (جی این ایم) خاتون اول آصفہ بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان کے 79ویں یوم آزادی کے موقع پر مبارکباد پیش (باقی صفحہ 2 نمبر23)

The Daily ★★ ZEBA-E-PAKISTAN ★★★
روزنامہ زیبائے پاکستان کوئٹہ
RIO/27/353
ڈپٹی ایڈیٹر: محمد عرفان
ایڈیٹر: اسرار محمد کھیتران
قیمت: 15 روپے

چیف ایڈیٹر و پبلشر اسرار محمد کھیتران نے الکریم پرنٹنگ پریس پٹیل باغ نزد چلڈرن ہسپتال کواری روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ زیبائے پاکستان آفس نمبر 303 تیسری منزل یونیورسل کمپلیکس، ایم اے جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
رابطہ نمبر 03133278658 / 03136823946
dailyzebaepakistan.pk@gmail.com
dailyzebaepakistanquetta@gmail.com

فکری سوچ

ازقلم /// غلام رسول بلوچ

پاکستانی قوم کو فکری سوچ اور ادراک رکھنے کی ضرورت ہے۔ موجودہ حالات کا نہج کی طرف جارہے ہیں اس میں اگر بقاء کا کوء راستہ ہے تو وہ قومی یکجہتی کا اور ملی وحدت کا راستہ ہے۔ دہشت گردی اور پراکسیز جو پاکستان میں دہشت گردی انتشار اور فساد میں ملوث ہیں سب بیرونی فنڈڈ اور اسپانسرڈ ہیں جن کے مکروہ عزائم اور مقاصد میں ہر صورت پاکستان کو کمزور کرنا اور تقسیم در تقسیم کا شکار کرنا ہے۔ قوم کو لسانیت، قومیت، فرقہ واریت، صوباء عصبیت اور آپسی چپقلشوں واختلافات سے نکلنا ہوگا۔ پاکستانی قوم یہ یاد رکھے کہ آج جو جنگ اس کے ملک پہ مسلط کی گئی ہے اس کے پیچھے دشمن طاقتوں کا ہاتھ ہے۔ لمحہ فکریہ یہ ہے کہ اب تک قوم غفلت میں ہے یا درست سمت کا تعین کرنے سے محروم ہے۔ بلوچستان اور کے پی کے میں حالات کی سنگینی کو دیکھ کر بھی اگر آنکھیں نہیں کھلتیں تو خدانخواستہ یہ ملک اور قوم کسی سانحے سے دوچار ہوسکتی ہے۔ آج متحد ہونے کی ضرورت ہے اور بھارت جیسے ازلی دشمن کی سازشوں کو سمجھنے کی ضرورت ہے جو دہشت گردی کو ریاستی پالیسی کے طور پہ پاکستانی قوم کے خلاف استعمال کر رہا ہے اور اس کے سوشل میڈیا ٹرولرز جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں کے ذریعے قوم کی ذہن سازی کر کے بدگمانیاں پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ بھارت کے جھوٹے بیانیوں اور پروپیگنڈوں میں آکر اپنے ان شہداء کی قربانیوں کو نہ بھولیں جو آج بھی اس ملک اور اس قوم کی بقاء کی جنگ اپنے خون شہادت سے لڑ رہے ہیں۔ بلاشبہ یہ عظیم افراد جو آپ کی افواج اور دیگر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھتے ہیں اس ملک اور اس قوم کے حقیقی ہیروز ہیں جن کی زندگیاں اور شہادتیں اس قوم کے ہر فرد کے لیئے آئیڈیل ہیں۔ جنگ اور دہشت گردی اس ملک اور قوم پہ مسلط کی جارہی ہے اور اپنی بقاء و تحفظ کے لیئے یہ جنگ لڑنے والے ہیروز کی پاکستانی قوم مقروض ہے۔ تنخواہوں پیسوں کے لیئے کوء اپنی جان نہیں دیتا یہ وہ نظریہ اور فکر ہے جو اس ملک کی مٹی کی محبت میں ان جانبازوں کو سرشار کیے ہوئے ہیں۔ یہ جنگ وہ اس ملک اور اس قوم کی نسلوں کے تحفظ کی خاطر لڑ رہے ہیں۔ اپنے شہداء کی تکریم کریں۔ ہر مکتبہ فکر سے تعلق رکھنے والا پاکستانی اس بات کو ذہن نشین کر لے کہ اسے کمزور کرنے کے لیے پورا دشمن مافیا اکھٹا ہو چکا ہے۔ دہشت گردی کی تنظیموں اور پراکسیز کی آڑ میں اپنے ملک کا نقصان نہ کریں۔ بیرونی فنڈڈ اور بیرونی ہدایات لے کر پاکستان کو کمزور کرنے والے اس ملک کے خیر خواہ ہرگز نہیں ہیں۔ قومی فکر اور قومی شعور کے ساتھ اپنی نظریاتی سوچ کو پروان چڑھائیں اس سے پہلے کہ ایک دفعہ پھر بحیثیت قوم ہم 1971 کے حالات کا خدانخواستہ شکار نہ ہو جائیں۔ ہر سیاسی جماعت، ہر مذہبی جماعت، ہر قوم پرست جماعتوں کو اپنے ملک کے لیئے کام کرنا ہوگا۔ اپنے ملک سے مخلص رہ کر ملکی مفادات کے تحفظ کو یقینی بنانا ہوگا۔ قوم کے لیئے یہ امر لمحہ فکریہ ہے کہ قوم آج بھی تقسیم در تقسیم کا شکار ہے۔ قوم کی بلاشبہ ملک کے ان حالات میں قربانیاں اور شہادتیں ہیں لیکن جس طرح سے قومی یکجہتی کا فروغ ہونا چاہیئے ویسا نظر نہیں آرہا۔ موجودہ حالات میں اگر فکر کرنی ہے تو صرف اور صرف ملکی سلامتی کی فکر کریں۔ دہشت گردی کو جڑ سے اکھاڑنے میں اپنے اداروں کا بھرپور ساتھ دیں۔ بدامنی کو ختم کروانے میں اپنے اداروں سے تعاون کریں اور ملک کو امن کا گہوارہ بنائیں۔ جب امن ہوگا تو معیشت بھی بہتری کی طرف گامزن ہو گی۔ احتجاجی سیاست سے گریز کریں۔ ملک وقوم میں انتشار کی فضاء کو ختم کرنے میں محب وطن اداروں کا ساتھ دیں۔ اس وقت ملک کو ایک ایسی قوم کی ضرورت ہے جو قوم ملکی مفادات اور سلامتی کو ترجیحی بنیادوں پر استوار رکھتی ہو۔ وطن عزیز نازک حالات کا سامنا کر رہا ہے اور ان حالات میں ایک مضبوط قوم بن کر ابھرنے کی تمام تر صلاحیتیں اس قوم میں بدرجہ اتم موجود ہیں۔ اپنی صلاحیتوں سے انصاف کیجیئے اور اس گھٹا ٹوپ اندھیرے امید کی کرن کی طرف رخت سفر باندھ لیجیئے۔ آپ یقین کیجیئے کہ اللہ تعالیٰ کا اس ارض مقدس پہ خاص کرم ہے جسے طاغوتی قوتیں چاہتے ہوئے بھی کچھ نہیں بگاڑ سکتیں۔ اپنی قومی شناخت اور قومی پہچان کو مضبوط بنائیں۔ اپنے اسلاف کی قربانیوں کی قدر کریں اور پاکستان کو مضبوط سے مضبوط تر بنائیں۔ ملکی تعمیر و ترقی میں ہر محب وطن پاکستانی چاہے وہ کسی بھی شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھتا ہو اسے اپنے ملک اور قوم کے مفادات قومی سلامتی کو مقدم رکھنے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆

محکمہ وائلڈ لائف کی مبینہ ملی بھگت

وندر، محکمہ وائلڈ لائف لسبیلہ حب کی مبینہ ملی بھگت ساحلی آبی اور پہاڑی علاقوں میں نایاب پرندوں کا غیر قانونی شکار عروج پر پہنچ گیا۔ تفصیلات کے مطابق لسبیلہ ڈویژن کے ساحلی آبی دیہی اور پہاڑی علاقوں میں سائبیریا سمیت سرد علاقوں سے آنے والے مہمان پرندوں اور مقامی نایاب جنگلی حیات کا غیر قانونی شکار دھڑلے سے جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق سونمیانی ہور، ڈام بندر، ساحلی علاقے بھڑہ، سیرینده جھیل، لیاری، ناکھٹی، پھور، کنڈ ملیر اور ہنگول نیشنل پارک کے علاقوں میں شکاری گروہ سرگرم ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شکاریوں نے مختلف مقامات پر اپنے ٹھکانے قائم کر رکھے ہیں جہاں جدید اسلحہ، ممنوعہ باریک جالوں، ٹریپس اور کونج کی آوازیں نکالنے والے مخصوص آلات کے ذریعے پرندوں کو پکڑنے اور شکار کرنے کا سلسلہ جاری ہے۔ بعض شکاری مبینہ طور پر دو سے تین ایکڑ رقبے پر جال بچھا کر بیک وقت سینکڑوں پرندوں کو زندہ پکڑتے ہیں جنہیں بعد ازاں فروخت کیا جاتا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ شکاری پرتعیش گاڑیوں میں شکارگاہوں کا رخ کرتے ہیں اور دن دہاڑے غیر قانونی سرگرمیاں جاری رکھتے ہیں جبکہ سوشل میڈیا پر بھی مختلف مقامات سے شکار کی تصاویر اور ویڈیوز سامنے آرہی ہیں۔ دوسری جانب علاقائی ذرائع نے محکمہ وائلڈ لائف کے بعض افسران اور اہلکاروں پر شکاریوں سے مبینہ ملی بھگت کا دعوی کیا ہے کہ مبینہ طور پر مالی مفادات اور نوٹو کی چمک دمک کے عوض شکاریوں کو کھلی چھوٹ دی جارہی ہے۔

(01)

ایم 4 کے توسیعی منصوبے پر تعمیراتی کام تیز کرنے اور اگلے ماہ کے وسط تک ٹریفک بحال کرنے کی ہدایت کر دی۔ وفاقی وزیر نے کمال پور انٹرچینج پر منصوبے کا معائنہ کیا اور این ایچ اے، این ایل سی اور تعمیراتی کمپنیوں کے حکام سے پیش رفت پر بریفنگ لی۔ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ہدایت کی کہ منصوبے پر مشینری اور افرادی قوت بڑھائی جائے، تعمیراتی کام جلد مکمل کیا جائے اور معیار پر کوئی سمجھوتہ نہ کیا جائے۔ ان کا کہنا تھا کہ جب منصوبے کے تمام فنڈز این ایچ اے نے خود فراہم کیے ہیں تو کسی صورت تاخیر نہیں ہونی چاہیے۔ وفاقی وزیر کے مطابق فیصل آباد سے پنڈی بھٹیاں تک 53 کلومیٹر طویل موٹروے ایم 4 کو چار سے چھ لین میں توسیع دی جارہی ہے۔ موٹروے کے درمیان خوبصورت گرین بیلٹ، کھجور کے پودے اور تزئین و آرائش کی جائے گی، جبکہ پورے روٹ پر مکمل لائٹنگ بھی نصب ہوگی۔ عبدالعلیم خان نے ایک ہفتے میں ریسٹ ایریاز کے ڈیزائن فائنل کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ موٹروے ایم 4 کو اسٹیٹ آف دی آرٹ شاہراہ بنانا چاہتے ہیں۔ فیصل آباد کے لیے 30 سال سے زیر التوا دیرینہ مطالبہ پورا کر دیا ہے اور نئے سال کے آغاز پر عوام کو موٹروے کا تحفہ دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ موٹروے پولیس کے جوانوں کی شہادتیں ہوئیں، ایم 4 کی توسیع سے حادثات سے بچنے میں مدد ملے گی۔ وفاقی وزیر نے این ایچ اے اور موٹروے پولیس افسران کی کارکردگی کو بھی سراہا۔ حکام نے بریفنگ میں بتایا کہ موٹروے ایم 4 کا توسیعی منصوبہ تین حصوں میں تقسیم ہے، جس پر این ایل سی اور دیگر ادارے کام کر رہے ہیں۔ دورے کے موقع پر چیئرمین این ایچ اے، این ایل سی اور تعمیراتی کمپنیوں کے سینئر حکام کے علاوہ سابق صوبائی وزیر میاں خالد محمود، سابق رکن قومی اسمبلی رانا نذیر احمد اور رکن صوبائی اسمبلی شعیب صدیقی بھی موجود تھے۔

(02)

اولین ترجیح ہے عوام کو کسی صورت مایوس نہیں کریں گے آنیوالے بجٹ میں مواصلات وتعمیرات کے لیے خطیر رقم رکھی گئی ہے جو عوام کے مفاد عامہ پر استعمال کی جائے گی عوام کے مسائل کا حل اولین ترجیح ہے یہ بات انہوں نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر مختلف قبائلی، سیاسی اور سماجی وفود نے ملاقات کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کہی اور انہیں عید کی مبارکباد پیش کی، حکومت بلوچستان ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لارہی ہے اس سلسلے میں کوئی کوتاہی اور غفلت برداشت نہیں کی جائے گی غفلت اور کوتاہی برتنے والوں کے خلاف بھرپور کارروائی عمل میں لائی جائے گی کیونکہ عوام نے ہم پر اعتماد کرکے ایوان تک پہنچایا ہم بھی کسی صورت عوام کے اعتماد کو ٹھیس نہیں پہنچائیں گے ہم اپنے حلف کے پابند ہیں شاہراہوں کی تعمیر وتوسیع پر تیزی کے ساتھ کام جاری ہے جن کی تکمیل عوام کو سفری سہولیات میں آسانی ہو گی حکومت کی اولین ترجیح ہے کہ وہ عوام کیلئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں جس سے عوام استفادہ حاصل کرسکیں وفود نے مختلف علاقوں میں جاری ترقیاتی منصوبوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے مزید ترقیاتی کاموں کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیر مواصلات وتعمیرات نے عوامی مسائل کے حل اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کی یقین دہانی کرائی۔

(03)

ملک کے 97 مخصوص اضلاع میں 2 کروڑ 39 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ پنجاب کے 13 اضلاع میں 92 لاکھ 78 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی، جبکہ سندھ کے 20 اضلاع میں 68 لاکھ 83 ہزار بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ خیبر پختونخوا کے 27 اضلاع میں 48 لاکھ 8 ہزار بچوں کو پولیو ویکسین پلائی جائے گی، جبکہ بلوچستان کے 31 اضلاع میں 22 لاکھ 17 ہزار بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ اسلام آباد میں بھی 4 لاکھ 47 ہزار بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔ گلگت بلتستان کے 3 اضلاع اور آزاد کشمیر کے 2 اضلاع میں بھی انسداد پولیو مہم کے دوران بچوں کو حفاظتی قطرے پلائے جائیں گے۔

(04)

ذمہ داریاں پوری کرنے کے بجائے پاکستان کی پالیسیوں کو مورد الزام ٹھہرا رہی ہے، حالانکہ دونوں ممالک کے تعلقات میں خرابی کی بنیادی وجہ افغانستان سے ہونے والے دہشت گرد حملوں کی روک تھام میں ناکامی ہے۔

(05)

ذریعے ایرانی فوجی قیادت کا خاتمہ کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔ امریکی اخبار نیویارک پوسٹ کو دیئے گئے انٹرویو میں موساد کے شعبہ عالمی آپریشنز کے سابق نائب سربراہ عوڈیدایلام نے انکشاف کیا ہے کہ تل ابیب کے پاس ایسے خفیہ کارڈز اور حکمت عملی موجود ہے جو تہران کی حکومت کو مکمل طور پر گرا سکتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران کے صدر مسعود پزشکیان، وزیر خارجہ عباس عراقچی اور پارلیمان کے اسپیکر کے پاس فیصلہ سازی کا کوئی حقیقی اختیار نہیں ہے، بلکہ اصل اقتدار چار رکنی عسکری قیادت کے پاس ہے جن میں پاسداران انقلاب کے کمانڈر احمد وحیدی، بسیج فورس کے کمانڈر حسین طائب، ایرانی چیف آف اسٹاف علی عبداللہی اور سپریم نیشنل سیکیورٹی کونسل کے سیکرٹری محسن رضائی شامل ہیں۔ نیویارک پوسٹ کے مطابق، ان رہنماں پر ماضی میں سنگین الزامات عائد کیے جا چکے ہیں اور مبصرین کا ماننا ہے کہ یہی افراد ایرانی سیاسی قیادت کی واشنگٹن کے ساتھ کسی بھی قسم کی ڈیل یا سمجھوتے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ رہے ہیں۔ دوسری جانب امریکی فوجی حلقوں اور قانون سازوں کی جانب سے بھی اس ممکنہ تصادم کے حوالے سے سخت تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ ڈیموکریٹ سینیٹر کرس مرفی نے خبردار کیا ہے کہ واشنگٹن میں تیار کردہ جنگی منصوبے انتہائی تباہ کن ہیں اور ان کے نفاذ سے شہری بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچ سکتا ہے، جبکہ ریپبلکن سینیٹر راجر مارشل نے پیش گوئی کی ہے کہ انتخابات کے فوراً بعد حالات انتہائی خطرناک موڑ لے سکتے ہیں اور کسی کو بھی ایران کے قریب نہیں ہونا چاہیے۔ ادھر ریٹائرڈ امریکی جنرل جیک کین کا کہنا ہے کہ آئندہ ممکنہ کارروائیوں میں محض عسکری قیادت ہی نہیں بلکہ ایران کے جوہری پروگرام، توانائی کے بنیادی ڈھانچے اور ڈرون ومیزائل تنصیبات کو بھی مکمل طور پر نشانہ بنایا جانا چاہیے۔ نیویارک پوسٹ کے مطابق، دفاعی تجزیہ کاروں اور سابق عسکری حکام کا کہنا ہے کہ اگر امریکا اور اسرائیل کی جانب سے کوئی ...

... ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے خبردار کیا کہ اگر افغان طالبان رجیم نے دہشت گردی کے حوالے سے پاکستان کے تحفظات اور مطالبات تسلیم نہ کیے تو اسے سنگین قیمت چکانا پڑے گی۔ ان کا کہنا تھا کہ افغان طالبان رجیم کی عالمی سطح پر کوئی ساکھ نہیں، بین الاقوامی برادری کو اسے ایک معمول کی ریاست کی طرح رویہ اختیار کرنے پر مجبور کرنا چاہیے۔ ترجمان پاک فوج نے عالمی برادری پر زور دیا کہ افغان ...

... کے مطابق کارروائیوں کو مزید مؤثر بنایا جائے، جرائم کی روک تھام کے لیے نگرانی کا نظام بہتر کیا جائے اور عوام کو تحفظ فراہم کرنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ سردار زادہ فیصل خان جمالی نے مزید کہا کہ عوامی مسائل کا حل، سرکاری اداروں کی بہتری اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنا حکومت کی اہم ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں ...

... کوئی تعلق نہیں رکھیں گے۔ اعداد وشمار کے مطابق جنوری سے اکتوبر 2026 کے دوران بلوچستان کے مختلف اضلاع میں 108 سے زائد خاندان اپنے دہشت گرد بیٹوں اور بھائیوں سے لاتعلقی کا اعلان کرچکے ہیں۔

(22)

آپریٹرز، پائلٹس، ٹرمینل آپریٹر اور ڈاک ورکرز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ ضروری درآمدی ...

... آواز کو عملی اقدامات میں تبدیل کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرے گا۔ دریں اثنا وزیراعظم شہباز شریف کی پاکستان کو بین الحکومتی گروپ آف ٹوئنٹی فور کی چیئرمین شپ ملنے پر اظہار مسرت کرتے ہوئے اسے اہم سفارتی سنگ میل قرار دیا ہے جو عالمی اقتصادی امور میں پاکستان کے مؤثر کردار اور آواز کو مزید تقویت دے گا۔ جاری بیان کے مطابق وزیراعظم نے وزیر خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب اور ...

... ہے۔ چیئرمین کے پی ٹی ریئر ایڈمرل شاہد احمد کے مطابق کراچی پورٹ ملکی تجارت اور سپلائی چین میں کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، بندرگاہوں کے بنیادی ڈھانچے کو جدید بنانے اور کارگو ہینڈلنگ کی صلاحیت بہتر بنانے پر کام جاری ہے۔

(31)

جاتے تھے، مگر نومبر شروع ہونے کے باوجود اب تک نہ تو امتحانی فارم جمع کرنے کا عمل شروع ہوا ہے اور نہ ...

(01)

کومبارکباد دی ہے۔ ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے پاکستان کی جانب سے جی۔ 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی جی۔ 24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان جی۔24 کے پلیٹ فارم کو ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کر سکے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ موقع پاکستان کو ترقیاتی فنانسنگ، موسمیاتی چیلنجز اور عالمی مالیاتی تعاون کے فروغ میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

(02)

ہزار 800 روپے تک فروخت ہونے لگا، جس کے باعث گھریلو صارفین، رکشہ ڈرائیوروں، ہوٹلوں، تندوروں اور دیگر کاروباری شعبوں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ ایل پی جی ڈیلرز نے خبردار کیا ہے کہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہی تو قیمت ایک ہزار سے 1200 روپے فی کلو تک پہنچ سکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں سردی کے موسم اور قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی کی طلب میں اضافہ ہو چکا ہے، تاہم قیمتوں میں حالیہ اضافے نے شہریوں کے لیے متبادل ایندھن کا استعمال بھی مشکل بنا دیا ہے۔ گھریلو صارفین کا کہنا ہے کہ گیس کی عدم دستیابی یا کم پریشر کے باعث انہیں کھانا پکانے اور دیگر ضروریات کے لیے ایل پی جی خریدنا پڑتی ہے، لیکن مسلسل بڑھتی قیمتوں نے گھریلو بجٹ پر اضافی بوجھ ڈال دیا ہے۔ ایل پی جی ڈیلرز کے مطابق قیمتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سرحدی صورتحال کے باعث مارکیٹ میں ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہوئی ہے، جس کے اثرات قیمتوں کی صورت میں سامنے آ رہے ہیں۔ ایل پی جی گیس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر موجودہ صورتحال برقرار رہی اور سرحدی راستوں سے سپلائی معمول پر نہ آئی تو آنے والے دنوں میں فی کلو قیمت ایک ہزار سے بڑھ کر 1200 روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ اس صورت میں گھریلو سلنڈر کی قیمت میں بھی مزید اضافہ ہوگا، جس سے صارفین کی مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 12 کلوگرام کا سلنڈر 7ہزار 800 روپے میں خریدنا عام خاندان کے لیے بڑا مالی بوجھ ہے۔ دوسری جانب رکشہ اور دیگر گاڑیوں میں ایل پی جی استعمال کرنے والے ڈرائیوروں کے مطابق گیس مہنگی ہونے سے روزانہ کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جبکہ قیمت میں مزید اضافے کی صورت میں موجودہ کرایوں پر گاڑیاں چلانا مشکل ہو جائے گا۔ ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور تندوروں سے وابستہ افراد نے بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس ان کے کاروباری اخراجات کا اہم حصہ ہے۔ قیمتوں میں مسلسل اضافے سے کھانا پکانے کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جس کے اثرات تیار کھانوں اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ شہریوں اور ڈیلرز نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران بارڈر سے متعلق تجارتی اور سپلائی کے معاملات جلد حل کیے جائیں، ایل پی جی کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مارکیٹ میں قیمتوں کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مصنوعی قلت اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سردی کے موسم میں گیس بنیادی ضرورت ہے، لیکن قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی پر انحصار کرنے والے صارفین کو اب مہنگے متبادل ایندھن کا سامنا ہے۔ ڈیلرز کے مطابق سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہنے کی صورت میں قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں، جس سے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع کے صارفین بھی متاثر ہوں گے۔

(03)

میڈیا کے مطابق امریکا کی جانب سے 14 جولائی سے ایران کی بحری ناکہ بندی شروع کیے جانے کے بعد اب تک کوئی ایرانی آئل ٹینکر چین نہیں پہنچا تھا۔

(04)

کہ ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ ملکی تاریخ کا ایک قابلِ فخر باب ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے مختلف جمہوری حکومتوں کی جانب سے گلگت بلتستان میں متعارف کرائی جانے والی اہم اصلاحات کو سراہتے ہوئے بالخصوص شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں 2009ء میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے دور میں کیے گئے بااختیار بنانے کے اقدامات کو اہم سنگِ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان پاکستان کے لیے تزویراتی، ثقافتی اور معاشی لحاظ سے غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ خطے کی پائیدار ترقی کے لیے بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، سیاحت اور روزگار کے مواقع میں بہتری ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کی مجموعی ترقی سے جڑی ہوئی ہے اور امید ظاہر کی کہ اس خطے کے عوام ایک مضبوط، متحد اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

(05)

شکست دے کر اپنی دھرتی کو آزاد کرایا، یہ خطہ بہادر شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی داستان ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ پی پی پی میڈیا سیل سے جاری پیغام میں ناز بلوچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور اہلیانِ گلگت بلتستان کے درمیان رشتہ محض لفظوں کا نہیں بلکہ عملی اقدامات کا رشتہ ہے، یہ تعلق اعتبار، چاہت اور قربت کا ہے جو گزرتے وقت کے ساتھ مزید گہرا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو وہ پہلے قومی لیڈر تھے جنہوں نے گلگت بلتستان کے باسیوں کو غلامی کی زنجیروں سے نکال کر آزاد فضا میں سانس لینے کا موقع دیا، شہید بھٹو نے وہاں سے ایف سی آر کے نظام کو ختم کیا۔

(06)

صدر نے کہا ایران کے ساتھ مذاکرات ٹھیک چل رہے ہیں، ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے، دیکھتے ہیں وہ معاہدہ کرتا ہے یا نہیں، ایران سے مذاکرات کے لیے ہمیں کوئی جلدی نہیں۔ ٹرمپ کا کہنا تھا کہ ہم نے ایران کی بحریہ، فضائیہ، فضائی دفاعی نظام، پیداواری صلاحیتوں اور جوہری پروگرام کو تباہ کر دیا ہے۔ ایران پر دوبارہ حملوں کے سوال پر ٹرمپ نے جواب دیا یہ بے وقوفانہ سوال ہے تاہم انہوں نے مزید کہا کہ ہم ایران کی بحریہ، فضائیہ، فضائی دفاعی نظام اور جوہری تنصیبات کو نشانہ بنا چکے ہیں، ایک یا دو مزید جوہری تنصیبات پر کارروائی باقی ہے، ضرورت پڑی تو ان تنصیبات پر 10 منٹ میں کارروائی کی جا سکتی ہے۔

(07)

بھارتی خفیہ ایجنسی را نے بلوچستان میں تخریب کاری اور دہشت گردی کے لئے 78 لاکھ ڈالر کی ادائیگی کی ہے۔ بھارتی ریٹائرڈ کرنل بھی فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کے ذریعے پاکستان میں دہشت گرد حملوں میں افغان سرزمین سمیت بھارتی اور اسرائیلی کردار کا اعتراف کر چکا ہے۔ امریکی خبر رساں ادارے کے مطابق انٹیلیجنس رپورٹ میں پاکستان میں دہشتگردی کیلئے افغان نائب گورنر ملا شیرین کی میزبانی میں بھارت افغان انٹیلیجنس حکام کے اجلاس کا انکشاف ہو چکا ہے۔ اجلاس میں دہشتگرد تنظیم فتن الہندوستان، القاعدہ اور خارجی گل بہادر گروپ کے نمائندے شامل تھے۔ امریکی واچ ڈاگ سیگار کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں امریکا کی جانب سے چھوڑا گیا 7.1 ارب ڈالر کا اسلحہ افغان رجیم کی سرپرستی میں دہشتگرد تنظیمیں استعمال کر رہی ہیں۔ اقوام متحدہ سمیت عالمی جرائد بھی افغان طالبان رجیم کے فراہم کردہ امریکی ہتھیاروں کی دہشتگرد گروہوں تک رسائی کے سنگین پہلو کو بے نقاب کر چکے ہیں۔

(08)

میں موسم سرد رہنے کا امکان ہے۔ تاہم رات کے اوقات میں بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش جبکہ پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہو سکتی ہے۔ اسلام آباد اور گردونواح میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم صبح اور رات کے اوقات میں خنکی رہے گی۔ خیبر پختونخوا کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ پہاڑی علاقوں میں سردی رہے گی۔ چترال، دیر، سوات، کوہستان، کرم اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود رہنے کے علاوہ چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش ہو سکتی ہے۔ پنجاب کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے۔ مری، گلیات اور گردونواح میں مطلع جزوی ابر آلود جبکہ صبح اور رات کے اوقات میں موسم سرد رہنے کی توقع ہے۔ سندھ کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک جبکہ دن کے دوران گرمی رہے گی۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں بھی موسم خشک رہے گا، تاہم شمالی اضلاع میں صبح و رات کے اوقات میں سردی کا امکان ہے۔ کشمیر اور گلگت بلتستان میں مطلع جزوی ابر آلود اور موسم سرد رہے گا۔ تاہم شام اور رات کے اوقات میں گلگت بلتستان میں چند مقامات پر گرج چمک کے ساتھ ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری ہو سکتی ہے۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک جبکہ شمالی علاقوں میں سرد اور مطلع جزوی ابر آلود رہا۔ گزشتہ روز ریکارڈ کیے گئے زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں لیہ میں منفی چار، اسکردو میں منفی ایک اور استور میں تین ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

(09)

کے سنگم پر پیش آیا۔ زخمیوں میں سے 10 کی حالت تشویشناک ہے جبکہ 14 افراد کو معمولی سے درمیانے درجے کی چوٹیں آئی ہیں۔ حکام نے حادثے کی وجوہات جاننے اور ذمہ داروں کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات بھی شروع کر دی ہیں۔ دو ماہ قبل بھی مصر کے صوبے جنوبی سینا میں بس الٹنے کے نتیجے میں 21 افراد ہلاک اور 29 زخمی ہوئے تھے۔ ہلاک ہونے والوں میں 10 اردنی شہری بھی شامل تھے ہیں۔

(10)

کے سنگم پر پیش آیا۔ زخمیوں میں سے 10 کی حالت تشویشناک ہے جبکہ 14 افراد کو معمولی سے درمیانے درجے کی چوٹیں آئی ہیں۔ حکام نے حادثے کی وجوہات جاننے اور ذمہ داروں کا تعین کرنے کے لیے تحقیقات بھی شروع کر دی ہیں۔ دو ماہ قبل بھی مصر کے صوبے جنوبی سینا میں بس الٹنے کے نتیجے میں 21 افراد ہلاک اور 29 زخمی ہوئے تھے۔ ہلاک ہونے والوں میں 10 اردنی شہری بھی شامل تھے ہیں۔

(11)

بندیجہ اور اصغر کے ناموں سے کی ہے۔ واقعے کی فوری اطلاع ملتے ہی پولیس نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس حکام کے مطابق فائرنگ کے محرکات اور وجوہات تا حال سامنے نہیں آ سکی ہیں، تاہم واقعے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات کی جا رہی ہیں تاکہ ملوث عناصر کا سراغ لگایا جا سکے۔

(12)

متحد ہیں۔ ملک کے مسائل بڑھتے جا رہے ہیں پیپلز پارٹی، مسلم لیگ ن کی باہم بلیک میلنگ جمہوریت، پارلیمنٹ کے لیے تباہ کن ہے۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کو مسترد کرتے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے مرید کے میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ کانفرنس سے امیر تنظیم اسلامی شجاع الدین شیخ، امیر ضلع شیخوپورہ زاہد عمران کوروٹانہ اور دیگر علماء نے بھی خطاب کیا۔ لیاقت بلوچ نے کہا وفاقی اور صوبائی حکومتیں ناکام طرز حکمرانی کے باعث عوام میں نفرت کی علامت بن چکی ہیں۔ پیٹرول پر لیوی ٹیکس صریحاً حکومتی بھتہ خوری ہے جماعت اسلامی پیٹرول لیوی کے خاتمے، بجلی کی قیمتوں میں کمی، آئی پی پیز کے خاتمے کے لیے عملاً جدوجہد کر رہی ہے۔ ہم سیاسی جمہوری، اخلاقی قدروں کے پاسدار ہیں اس لیے لانگ مارچ کو پینڈنگ رکھا ہوا ہے۔ 3 نومبر کو حکومتی کمیٹی اور جماعت اسلامی کی کمیٹی کا حتمی اجلاس ہوگا جماعت اسلامی کا واحد مقصد عوام کو ریلیف دلانا ہے اب گیند حکومت کے کورٹ میں ہے کہ وہ آسانی اور عزت کی لاج اختیار کرتی ہے یا نہیں۔ لیاقت بلوچ نے کہا جماعت اسلامی نے ملتان سے اسلام آباد کے لیے سپر لانگ مارچ کے لیے انتظامی کمیٹیاں تشکیل دے دی ہیں اور یہ کمیٹیاں اپنی سطح پر اپنی ورکنگ کر رہی ہیں۔ لانگ مارچ سے قبل مختلف شہروں میں عوامی جلسے ہونگے۔ انہوں نے کہا اسلامی تہذیب کی حفاظت کے لیے مساجد کے مینار، تلواروں اور مدارس کے گنبدوں کی طاقت رکھتے ہیں عوام کے معاشی حقوق کے تحفظ اور قومی معیشت کو پیٹرول لیوی بھتہ خوری اور آئی پی پیز کی خون چوسنے سے نجات کے لیے منبر و محراب سے عوام کو باخبر اور متحد کیا جائے گا۔ لیاقت بلوچ نے کہا ہائبرڈ نظام کے لیے مہرے و آلہ کار، سہولت کار استعمال بن چکے ہیں، اسٹیبلشمنٹ اب اگلے مراحل میں جا رہی ہے جس کے حصول میں ہائبرڈ نظام کے پرزے حکم مانیں یا گھر جائیں گے۔ سیاست۔ اقتدار کے لیے سہولت کاری کا ایک دور سیاہ المناک باب رقم کر رہا ہے حقیقت یہ ہے کہ عوام حکمرانوں کی چالاکیوں سے بیزار اور لاتعلق ہیں۔

(13)

زائد افراد موجود تھے۔ ریسکیو اہلکاروں نے زخمیوں کو اسپتال منتقل کر دیا جبکہ واقعے کے بعد امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔

(14)

لیوا تشدد شروع ہوا، جو 3 روز تک بلا روک ٹوک جاری رہا۔ ان فسادات کے دوران ہزاروں بے گناہ سکھ قتل کیے گئے، جبکہ سیکڑوں خواتین کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ یہ افسوسناک واقعات محض سکھ برادری کے خلاف تشدد نہیں بلکہ انسانی حقوق اور بنیادی اقدار پر گہرا حملہ تھے۔ عالمی ذرائع ابلاغ اور بین الاقوامی جریدوں نے بھی سکھوں کے قتل عام کو بھارتی تاریخ کا شرمناک باب قرار دیا ہے۔ ڈپلومیٹ کے مطابق انتہاپسند ہندوؤں نے ووٹر فہرستوں کے ذریعے چن چن کر سکھوں کی شناخت کر کے انہیں موت کے گھاٹ اتارا۔ ہیومن رائٹس واچ کے مطابق بھارتی حکومت کی سرپرستی میں سکھوں کے خلاف باقاعدہ نسل کشی کی مہم چلائی گئی۔

(15)

پہلی جماعت سے انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم فراہم کی جائے گی۔ اس موقع پر گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ دفاع وطن میں شہید ہونے والے پاک فوج، پولیس، لیویز اور ایف سی اہلکاروں کے بچوں کو انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم دی جائے گی، فخر شہدا سکالر شپ شہدا کے خاندانوں سے یکجہتی اور ان کی معاونت کے عزم کا عملی اظہار ہے۔ فیصل کریم کنڈی کا کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا کے بچوں کو بہتر تعلیمی مواقع فراہم کرنا اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے کہا کہ شہدا کے بچوں کیلئے خصوصی کیڈٹ کالج قائم کیا جائے گا، جس کیلئے سرکاری زمین فراہم کریں گے۔

(16)

اہلکار بھی زخمی ہو گیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، موبائل فونز، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کر لی۔ ایس ایس پی ویسٹ طارق الٰہی مستوئی کے مطابق تھانہ اورنگی کی حدود مجیب گوٹھ میں پولیس اور مسلح ڈاکوؤں کے درمیان مقابلہ ہوا، جس کے دوران دو طرفہ فائرنگ کے تبادلے میں پولیس اہلکار فرحان زخمی جبکہ ایک ملزم ہلاک ہو گیا۔ ایس ایس پی ویسٹ کے مطابق فائرنگ کے تبادلے کے دوران ہلاک ملزم کا ساتھی فرار ہونے میں کامیاب ہو گیا۔ ہلاک ملزم کی شناخت بلال ولد پیر محمد کے نام سے ہوئی۔ پولیس نے ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ، ایمونیشن، چلیدہ خول، موبائل فونز اور نقدی برآمد کر لی۔ زخمی اہلکار کو طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا جبکہ فرار ملزم کی تلاش جاری ہے۔

(17)

پر قرضوں کی فراہمی سے زرعی اخراجات پورے کرنے اور فصلوں کی بہتر پیداوار کے امکانات بڑھ سکتے ہیں۔ ہمایوں اختر خان نے حلقہ این اے 97 کے دورے کے دوران علاقہ عمائدین، کسانوں، تاجروں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد سے ملاقاتیں کیں اور مقامی مسائل کے حل کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر کسانوں کو درپیش مالی مشکلات، زرعی مداخل کی بڑھتی قیمتوں، آبپاشی، فصلوں کی مناسب قیمت اور اجناس کو ذخیرہ کرنے کی سہولتوں پر گفتگو کی گئی۔ حلقے کے عوام کو صاف پانی، سیوریج، رابطہ سڑکوں اور دیگر بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے امور بھی زیر بحث آئے۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ ہم نے انتخابات سے پہلے وعدہ کیا تھا کہ یہاں کی عوام سے اپنا تعلق مضبوط رکھیں گے، ہم نے اپنے وعدے پر پہرہ دیا ہے اور ان شاء اللہ ہر آنے والے دن یہ تعلق مزید مضبوط ہوگا۔ حلقے کی ترقی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے متعلقہ فورمز پر آواز اٹھا رہے ہیں، سیاسی مخالفین ہمارے عزم سے حواس باختہ ہو کر منفی پراپیگنڈا کرنے میں مصروف ہیں لیکن عوام انہیں یکسر مسترد کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام دہائیوں سے سبز باغ دکھانے والوں کے چہروں سے آشنا ہو چکے ہیں اور اب ان کے کسی بہکاوے میں نہیں آئیں گے۔ ہمایوں اختر خان حلقے میں انتقال کر جانے والوں کے گھروں میں بھی گئے جہاں انہوں نے مرحومین کے ورثاء سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

(18)

مشترکہ کردار ادا کریں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ موجودہ حالات میں محاذ آرائی اور تقسیم کے بجائے مفاہمت، برداشت اور قومی سوچ کو فروغ دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ پاکستان کی ترقی کے لیے سیاسی و معاشی استحکام، آئین کی بالادستی، قانون کی حکمرانی اور بلاامتیاز انصاف کی فراہمی یقینی بنانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی، بجلی و گیس کے بڑھتے اخراجات اور عوام کو درپیش معاشی مشکلات کے خاتمے کے لیے حکومت اور تمام قومی اداروں کو سنجیدہ اقدامات کرنا ہوں گے۔ نظام انصاف میں بہتری، مقدمات کے بروقت فیصلوں اور سائلین کو فوری انصاف کی فراہمی پر بھی خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ وکلاء برادری آئین و قانون کی بالادستی اور بنیادی انسانی حقوق کے تحفظ میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے اس لیے وکلاء کو معاشی اور پیشہ ورانہ تحفظ فراہم کرنا ضروری ہے۔ پنجاب بار کونسل وکلاء اور ان کے اہل خانہ کو صحت، علاج معالجے، تعلیم اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو اپنی ترجیحات میں شامل کیے ہوئے ہے۔ نوجوان وکلاء کی تربیت اور قانونی تعلیم کے معیار میں بہتری کے لیے بھی اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وکلاء برادری کی فلاح و بہبود کے ساتھ ساتھ ملک میں جمہوری استحکام، قانون کی حکمرانی اور قومی اتحاد کے فروغ کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

(19)

میں لائی جا رہی ہے، جبکہ منشیات فروشوں، چوروں، ڈکیتوں اور دیگر سماج دشمن عناصر کے خلاف قانون کے مطابق سخت اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور شہر میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔ جرائم کی روک تھام کے لیے گشت اور نگرانی کے نظام کو مؤثر بنایا جا رہا ہے، جبکہ مشکوک افراد اور جرائم پیشہ عناصر پر کڑی نظر رکھی جا رہی ہے۔ ایس ایچ او حضور بخش جمالی کا کہنا تھا کہ عوام اور پولیس کے درمیان اعتماد اور تعاون جرائم کے خاتمے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ شہری اپنے اردگرد کسی بھی مشکوک سرگرمی یا جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی اطلاع فوری طور پر پولیس کو دیں، اطلاع دینے والے شہریوں کے ساتھ مکمل تعاون کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ پولیس کا مقصد عوام کو پرامن ماحول فراہم کرنا ہے اور کسی کو بھی قانون ہاتھ میں لینے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ شہر میں امن و امان کے قیام اور جرائم کے مکمل خاتمے تک پولیس اپنی ذمہ داریاں پوری محنت، ایمانداری اور فرض شناسی کے ساتھ ادا کرتی رہے گی۔

(20)

تعلیم ہرجوت سنگھ بینس نے پیش کی۔ بھارتی پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت مان نے بھی کرتارپور راہداری کھولنے کی قرارداد کی بھرپور حمایت کی ہے۔ قرارداد میں کہا گیا کہ مرکزی حکومت کرتارپور راہداری دوبارہ کھولنے کیلئے فوری اقدامات کرے، مرکزی حکومت زائرین کیلئے بلا تعطل رسائی یقینی بنائے، کرتارپور راہداری مذہبی ہم آہنگی اور مشترکہ ورثے کی علامت ہے۔ کے ایم ایس کے مطابق سکھ یاتریوں کی سہولت کیلئے کرتارپور راہداری کھولنے اور سفری ضوابط آسان بنانے پر زور دیا گیا ہے، بھارت نے پہلگام واقعے کے بعد 7 مئی 2025 سے کرتارپور راہداری کو بند کر رکھا ہے سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ بی جے پی حکومت قومی سلامتی کے نام پر سیاسی کھیل کھیل رہی ہے، مودی حکومت مقدس ترین سکھ مذہبی مقام تک رسائی روک کر بنیادی انسانی حقوق کی خلاف ورزی کر رہی ہے، سکھ برادری کے مذہبی جذبات، ان کے مقدس عقائد اور احساسات کو مکمل طور پر نظرانداز کیا جا رہا ہے۔

(21)

بس اسٹینڈ میں اسٹیٹ لائف (طیب تکالیف) کے ضلعی دفتر کا افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جہاں شیخ الحدیث مولانا کریم بخش نے فیتہ کاٹ کر دفتر کا باضابطہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر شرکا نے دفتر کے قیام کو علاقے کے عوام کے لیے ایک نئی سہولت قرار دیا۔ تقریب میں مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی اور دفتر کے قیام پر خوشی کا اظہار کیا۔

(22)

اور خدمات کو اساتذہ برادری بھی فراموش نہیں کر سکتی۔ وہ آج بھی اساتذہ کے دلوں میں زندہ ہیں اور ان کی یاد ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ تازہ رہے گی۔ سجاد حسین رند نے شہید استاد محمد اکبر چھلگری کو زبردست خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ 6 نومبر کو ان کی 22 ویں سالانہ برسی عقیدت و احترام کے ساتھ منائی جائے گی۔ اس موقع پر شہید استاد کی لازوال قربانیوں کو یاد کرتے ہوئے انہیں خراج تحسین پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ شہید استاد کی جدوجہد اور قربانی اساتذہ برادری کی تاریخ کا ایک اہم باب ہے، جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ اساتذہ کسی بھی معاشرے کی تعمیر و ترقی میں بنیادی کردار ادا کرتے ہیں اور ان کے حقوق، عزت و وقار اور جائز مطالبات کے لیے آواز بلند کرنا ایک اہم ذمہ داری ہے۔ شہید استاد محمد اکبر چھلگری کی قربانی ہمیں اس بات کا درس دیتی ہے کہ اصولوں، نظریات اور حق کے لیے جدوجہد کرنے والوں کو ہمیشہ یاد رکھا جاتا ہے۔

(23)

اور تعیناتی کے جعلی لیٹر دیئے، ملازمت پر جوائننگ سے پہلے دیکھا تو سب ڈاکومنٹس جعلی تھے۔ دوسری خاتون نے بتایا ہے کہ ملزم کو مار کر سب ثبوت ختم کئے گئے، 2025 کے مقدمے کو سنجیدہ لیا جاتا تو آج لائبہ زندہ ہوتی۔ یاد رہے کہ امریکا میں اعلیٰ تعلیم کا خواب فراڈ ثابت ہونے پر شدید مالی نقصان اور ذہنی اذیت کا سامنا کرنے والی لائبہ نے گزشتہ ماہ مبینہ طور پر گلے میں پھندا ڈال کر خودکشی کی تھی۔ بعد ازاں لائبہ اعجاز خودکشی کیس کا مرکزی ملزم نعمان پولیس حراست کے دوران اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے مارا گیا تھا۔

(24)

کا دعویٰ کیا ہے۔ دریں اثنا یمنی وزیر خارجہ ڈاکٹر افرا الزوبہ نے کہا ہے کہ حوثی ملیشیا داعش اور القاعدہ سے بھی زیادہ خطرناک ہے، حوثی ملیشیا علاقائی اور عالمی امن و سلامتی کیلئے سنگین خطرہ ہے۔ العربیہ کو انٹرویو میں یمنی وزیر خارجہ نے کہا کہ حوثی ملیشیا مصنوعی ذہانت کا استعمال کر کے میزائل اور ڈرونز تیار کر رہی ہے، حوثی ملیشیا دہشتگرد گروہوں کیساتھ تعاون بھی کر رہی ہے۔ ڈاکٹر افرا کا کہنا تھا کہ حوثی ملیشیا کی کارروائیاں عالمی معیشت اور بین الاقوامی امن و سلامتی کو متاثر کر رہی ہیں، حوثیوں کا خطرہ اب یمن تک محدود نہیں، علاقائی اور عالمی نوعیت اختیار کر چکا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حوثی خطرے سے نمٹنے کیلئے یمنی حکومت نے امریکا اور یورپی یونین سے بات چیت کی ہے، اس کے علاوہ یمنی حکومت کے علاقائی شراکت داروں سے بھی رابطے ہے۔ ڈاکٹر افرا نے حوثی ملیشیا پر الزام عائد کیا کہ اس نے امن مذاکرات کے مختلف ادوار کو اپنے ہتھیاروں کے ذخیرے میں اضافے اور فوجی صلاحیت مضبوط بنانے کے لیے استعمال کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ یمنی حکومت اور عالمی برادری طویل عرصے تک اس امید پر مذاکرات کرتی رہی کہ پرامن تصفیہ ممکن ہے، تاہم حوثی ملیشیا نے ان کوششوں سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اپنے ہتھیاروں اور فوجی صلاحیت میں اضافہ کیا۔ یمنی وزیر خارجہ نے کہا کہ حوثی ملیشیا کی عسکری صلاحیتیں بڑھیں تو مستقبل میں نمٹنے کی قیمت زیادہ ہو گی، امن مذاکرات سے قبل حوثی ملیشیا کو ہتھیار ریاست کے حوالے کرنا ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعز میں حوثی ملیشیا کی جانب سے مبینہ زہریلی گیس کے حملے کیے گئے، حملوں کے بعد بعض افراد میں کیمیائی اثرات کی علامات رپورٹ ہوئیں۔ دوسری جانب امریکی خبر رساں ادارے بلومبرگ کے مطابق، 10 اکتوبر سے 27 اکتوبر کے درمیان ریاض کے کنگ خالد انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے روانہ ہونے والی تقریباً 94 فیصد پروازیں حوثیوں کے حملوں کے بعد منسوخ کر دی گئیں۔ سب سے مہلک حملہ 10 اکتوبر کو ہوا، جس میں 12 سے زائد افراد ہلاک ہوئے اور حکام کو ہوائی اڈے کے آپریشنز معطل کرنا پڑے۔ رپورٹ کے مطابق حوثیوں کے حملوں نے ایران جنگ کے بعد خطے کی ہوابازی کی صنعت میں خلل کو مزید بڑھا دیا ہے۔ فلائٹ ریڈار کے ہوائی ٹریفک کے اعداد و شمار سے یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ مشرقی سعودی شہر دمام میں کنگ فہد بین الاقوامی ہوائی اڈے پر مسلسل ہوائی ٹریفک میں خلل پڑتا ہے۔

(25)

پڑا ہے اور وہاں گیس استعمال ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، لیکن اس کے باوجود سوئی سدرن گیس کمپنی نے ایک ماہ کا 44 لاکھ روپے سے زائد کا بل بھیج دیا۔ شہری کا کہنا ہے کہ اتنی بڑی رقم ایک عام صارف کے لیے ادا کرنا ممکن نہیں، خاص طور پر جب گیس کا استعمال ہی صفر ہو۔ شہریوں نے اس غیر معمولی بل پر حیرت کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا ہے کہ اگر گیس استعمال نہیں ہوئی تو پھر 44 لاکھ روپے کا حساب کس بنیاد پر بنایا گیا؟ کیا میٹر نے خالی گھر میں خود ہی گیس استعمال کر لی یا بلنگ نظام نے کوئی ایسا حساب لگایا جسے سمجھنے کے لیے عام صارف کو ماہرِ حسابیات بننا پڑے گا؟ متاثرہ شہری نے سوئی سدرن گیس کمپنی کے اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ بل کی فوری جانچ کی جائے اور میٹر ریڈنگ، سابقہ و موجودہ ریڈنگ سمیت تمام تفصیلات سامنے لائی جائیں۔

(26)

نے عرب قیادت والی اسلامی جماعت راعم میں شمولیت اختیار کر کے ملک کی سیاست میں نئی بحث چھیڑ دی، وہ جلد اسرائیلی پارلیمنٹ کے رکن کی حیثیت سے حلف اٹھائیں گے۔ انہوں نے یہودی اکثریتی جماعت چھوڑ کر راعم میں شمولیت اختیار کی جس نے حالیہ انتخابات میں 8 نشستیں حاصل کی ہیں، ان کا کہنا ہے کہ اس اتحاد کا مقصد یہ ثابت کرنا ہے کہ یہودی اور عرب مذہب اور نسل کے اختلافات کے باوجود مل کر سیاسی اتحاد قائم کر سکتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ راعم کے رہنما منصور عباس عرب اور مذہبی ہیں جبکہ وہ یہودی اور سیکولر ہیں لیکن دونوں اسرائیلی شہری ہیں اور ملک کی ترقی کیلئے انہیں مل کر کام کرنا چاہیے۔ اسرائیل کی 20 فیصد آبادی فلسطینی عرب شہریوں پر مشتمل ہے جن میں اکثریت مسلمانوں کی ہے۔ انہیں ووٹ دینے اور پارلیمنٹ میں نمائندگی کا حق حاصل ہے، تاہم عرب آبادی کے کئی علاقوں میں غربت، جرائم اور سرکاری وسائل کی کمی جیسے مسائل موجود ہیں۔ راعم کے رہنما منصور عباس نے بھی واضح کیا ہے کہ ان کی جماعت نئی حکومت میں شامل ہونا چاہتی ہے اور عرب و یہودی شہریوں کے درمیان تعاون کو فروغ دینا چاہتی ہے۔

(27)

کے اوقات میں چوروں اور جرائم پیشہ عناصر کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ شہر میں نہ مؤثر پولیس گشت نظر آتی ہے اور نہ ہی امن و امان کے قیام کے لیے کوئی سنجیدہ اور عملی اقدامات دکھائی دیتے ہیں۔ شہری عدم تحفظ کا شکار ہیں، جبکہ انتظامیہ اور صوبائی حکومت کی خاموشی اور غفلت کئی سوالات کو جنم دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامیہ اور صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے کہ واقعے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ملوث ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ امن و امان کے قیام میں مزید غفلت، سستی اور چشم پوشی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ ترجمان نے مزید کہا کہ ایسے بزدلانہ واقعات خضدار میں پہلے سے موجود خوف، عدم تحفظ اور مایوسی کی کیفیت کو مزید گہرا کرتے ہیں۔ سیاسی کارکنان کو خوفزدہ کرنے، دھونس اور تشدد کے ذریعے ان کی آواز دبانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ نیشنل پارٹی اپنے کارکنان کے ساتھ کھڑی ہے اور واضح کرتی ہے کہ ایسے ہتھکنڈے ہماری جمہوری اور سیاسی جدوجہد کو کمزور نہیں کر سکتے۔

(28)

مکمل کیے بغیر موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ آئی ٹی پی کے حکام کے مطابق، چیف ٹریفک آفیسر (سی ٹی او) اسلام آباد، کائنات اظہر خان نے کہا ہے کہ اس اقدام کا مقصد وفاقی دارالحکومت بھر کے طلبا کے لیے ڈرائیونگ لائسنس کے حصول کے عمل کو آسان اور سہولت بخش بنانا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کالج اور یونیورسٹی کے اہل طلبا 42 روزہ لرنر مدت کی اس رعایت سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور ضروری تقاضے پورے کرنے کے بعد موقع پر ہی اپنا موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔ سی ٹی او کائنات نے شہریوں کو یہ بھی آگاہ کیا کہ اب وہ ٹریفک پولیس دفاتر کے بار بار چکر لگانے کے بجائے، ٹی سی ایس کوریئر سروس کے ذریعے اپنے ڈرائیونگ لائسنس گھر بیٹھے (اپنی دہلیز پر) وصول کر سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہوم ڈیلیوری کی یہ سہولت شہریوں کا وقت بچائے گی اور لائسنسنگ کے عمل کو مزید آسان بنائے گی۔ کائنات اظہر خان نے طلبا پر زور دیا کہ نومبر کے دوران اس خصوصی سہولت سے فائدہ اٹھائیں۔ انہوں نے شہریوں کی حوصلہ افزائی کی کہ وہ موٹر سائیکل یا کوئی بھی گاڑی چلانے سے پہلے اپنا درست ڈرائیونگ لائسنس ضرور حاصل کریں۔

(29)

سعید خان، تحصیل فرید آباد اور تحصیل جیا خان کھوسو کے مختلف بازاروں اور علاقوں میں غیر معیاری، لاغر اور بیمار جانور ذبح کر کے ان کا گوشت شہریوں کو فروخت کیا جا رہا ہے۔ متعلقہ محکمے اور ڈسٹرکٹ لائیو اسٹاک آفیسرز کی جانب سے مذبح خانوں اور قصابوں کی دکانوں کی باقاعدہ معائنے و نگرانی کا کوئی نظام موجود نہیں ہے، جس کے باعث شہریوں کی صحت کے ساتھ کھلے عام کھلواڑ جاری ہے۔ غیر معیاری اور مضرِ صحت گوشت کی فروخت کے باعث عوام میں مختلف مہلک بیماریوں کے پھیلنے کا شدید خطرہ پیدا ہو گیا ہے۔ صحبت پور کے سیاسی و سماجی حلقوں اور عام شہریوں نے چیف آف بگٹی، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور دیگر متعلقہ اعلیٰ حکام سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ صحبت پور میں لاغر اور بیمار جانوروں کی فروخت کا ہنگامی بنیادوں پر نوٹس لیا جائے، محکمہ حیوانات کے غافل اہلکاروں سے جواب طلبی کی جائے۔

(30)

نے کہا کہ پانچ سال کے طویل انتظار کے بعد ملازمین میں پنشن اور لیو انکیشمنٹ کے چیکوں کی تقسیم ایک خوش آئند اقدام ہے، تاہم یہ امر انتہائی افسوسناک ہے کہ جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ اساتذہ تاحال اپنے جائز مالی حقوق سے محروم ہیں۔ اساتذہ نے اپنی زندگی کے قیمتی سال علم کے فروغ، نئی نسل کی تعلیم و تربیت اور جامعہ کی ترقی کے لیے وقف کیے، لیکن ریٹائرمنٹ کے بعد انہیں اپنے ہی واجبات کے حصول کے لیے طویل انتظار کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے صوبائی حکومت کی جانب سے جامعہ بلوچستان کو 52 کروڑ روپے سے زائد کی رقم بطور قرض فراہم کرنے پر حکومت کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام جامعہ کے مالی بحران میں کمی کے لیے قابل تحسین ہے، تاہم دستیاب فنڈز کے استعمال میں ریٹائرڈ اساتذہ کے پنشن اور لیو انکیشمنٹ کے واجبات کو بھی اولین ترجیح دی جانی چاہیے۔ پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا کہ عمر بھر تعلیمی خدمات انجام دینے والے اساتذہ کو ان کے جائز حقوق کے لیے مزید انتظار کروانا کسی صورت مناسب نہیں۔ مہنگائی کے موجودہ دور میں پنشن اور دیگر واجبات کی عدم ادائیگی ریٹائرڈ اساتذہ اور ان کے خاندانوں کے لیے شدید مالی مشکلات کا سبب بن رہی ہے۔ انہوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان، متعلقہ حکام اور جامعہ بلوچستان کی انتظامیہ سے پرزور مطالبہ کیا کہ ریٹائرڈ اساتذہ کے پنشن اور لیو انکیشمنٹ کے تمام زیر التوا واجبات کی فوری ادائیگی کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں۔

(31)

صحافتی حلقوں میں کسی قسم کی اجارہ داری، گروہ بندی اور ایک دوسرے کو کمتر سمجھنے کے رجحانات سے صحافیوں کے اجتماعی مفادات کو نقصان پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافت ایک آزاد اور ذمہ دار شعبہ ہے، جہاں ہر صحافی اور صحافتی تنظیم کو اپنی شناخت، مقف اور تنظیمی سرگرمیوں کے ساتھ کام کرنے کا برابر حق حاصل ہے۔ کسی ایک گروپ یا تنظیم کو صحافت اور تنظیم سازی پر اجارہ داری قائم کرنے کا حق نہیں دیا جا سکتا۔ صحافیوں کے درمیان اختلاف رائے جمہوری اور فطری عمل ہے، تاہم اختلافات کو ذاتی مخالفت اور تقسیم کا ذریعہ بنانے کے بجائے باہمی مشاورت اور افہام و تفہیم سے حل کیا جانا چاہیے۔ قیوم بلوچ اور میر اللہ داد رند نے کہا کہ بلوچستان میں صحافیوں کو معاشی مشکلات، عدم تحفظ، پیشہ ورانہ مسائل اور بنیادی حقوق کے حصول سمیت متعدد چیلنجز کا سامنا ہے، جن کا مقابلہ انفرادی طور پر ممکن نہیں بلکہ اس کیلئے تمام صحافتی تنظیموں اور صحافیوں کو ایک مشترکہ پلیٹ فارم پر متحد ہونا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میڈیا فورم صحافیوں کے اتحاد، باہمی احترام، برابری اور اجتماعی حقوق کی جدوجہد پر یقین رکھتا ہے اور تمام صحافتی تنظیموں کے ساتھ مثبت اور تعمیری روابط کا خواہاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافیوں کی اصل طاقت ان کا اتحاد ہے، اس لیے ضروری ہے کہ ایک دوسرے کی حیثیت اور وجود کو تسلیم کرتے ہوئے ذاتی و گروہی مفادات سے بالاتر ہو کر صحافی برادری کے وسیع تر مفاد میں مشترکہ جدوجہد کی جائے تاکہ صحافیوں کے حقوق کا تحفظ اور صحافت کے وقار کو مزید مستحکم بنایا جا سکے۔

(32)

جان و مال کے تحفظ کے حوالے سے پولیس کی ذمہ داریاں اہم ہیں، تاہم پولیس کے بعض اہلکاروں کے مبینہ رویوں اور اقدامات کے باعث شہریوں میں تشویش پائی جاتی ہے۔ سیاسی، سماجی اور قبائلی حلقوں کی جانب سے یہ شکایات بھی سامنے آئی ہیں کہ بعض پولیس اہلکار مبینہ طور پر شہریوں کو مختلف بہانوں سے پریشان کرتے اور ناجائز مالی مطالبات کرتے ہیں، جبکہ پولیس کے بعض اہلکاروں سے مبینہ طور پر بھاری رقوم لے کر انہیں ڈیوٹی سے مستثنیٰ رکھنے یا فرائض کی ادائیگی سے بچانے کی شکایات بھی کی جا رہی ہیں۔ ان الزامات کی آزادانہ تحقیقات اور ذمہ دار عناصر کے خلاف کارروائی کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ پولیس کا بنیادی فرض شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا، جرائم کی روک تھام اور قانون کی عملداری کو یقینی بنانا ہے۔ اگر کسی اہلکار کے خلاف اختیارات کے ناجائز استعمال، مالی بدعنوانی یا شہریوں کو بلاجواز ہراساں کرنے کی شکایت سامنے آتی ہے تو اس کی شفاف تحقیقات ہونی چاہئیں، تاکہ عوام کا پولیس پر اعتماد بحال ہو اور قانون کی بالادستی قائم رہے۔ انہوں نے آئی جی پولیس بلوچستان، ڈی آئی جی پولیس اور متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا کہ قلات میں امن و امان کی صورتحال کا جائزہ لیا جائے، پولیس اہلکاروں کے خلاف موصول ہونے والی شکایات کی غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں۔

(33)

ہوگئیں۔ سانحہ گل پلازہ کے دوران اپنی جان خطرے میں ڈال کر دوسروں کی زندگیاں بچانے والے کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن (کے ایم سی) کے فائر فائٹر شہید فرقان علی کو ان کی بہادری اور فرض شناسی کے اعتراف میں تمغہ شجاعت سے نوازا جائے گا۔ صدر مملکت آصف علی زرداری نے شہید فائر فائٹر فرقان علی کے لیے قومی اعزاز کی منظوری دے دی ہے۔ شہید فرقان علی کو یہ اعزاز گل پلازہ میں لگنے والی ہولناک آگ کے دوران امدادی کارروائیوں میں غیر معمولی جرات اور فرض سے وابستگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے جان قربان کرنے پر دیا جا رہا ہے۔

(34)

2022 کے وسط مدتی انتخابات کا ریکارڈ ٹوٹ گیا ہے۔ گزشتہ وسط مدتی انتخابات میں چار کروڑ 59 لاکھ ووٹ قبل از وقت ڈالے گئے تھے۔ رپورٹ کے مطابق اب تک دو کروڑ 38 لاکھ سے زائد بیلٹ پیپرز ڈاک کے ذریعے موصول ہو چکے ہیں۔ امریکی انتخابات میں ایوانِ نمائندگان کی تمام 435 اور سینیٹ کی 35 نشستوں سمیت مختلف ریاستی عہدوں کے لیے بھی ووٹنگ ہوگی۔

(35)

پر جاری بیان میں کہا کہ ان جہازوں کا رخ ناکہ بندی کی پابندی یقینی بنانے کے لیے موڑا گیا جبکہ طیارہ بردار بحری جہاز جارج واشنگٹن بھی ناکہ بندی پر عمل درآمد میں معاونت کر رہا ہے۔ بیان کے مطابق یہ تعداد رواں ماہ کے آغاز میں بتائے گئے 135 جہازوں سے زیادہ ہے۔

(36)

کہ ایسی پارلیمنٹ میں انتخابی اصلاحات کی کیا حیثیت ہے جو خود مبینہ جعلی فارم 47 پر قائم کی گئی ہو؟ انہوں نے سوال اٹھایا کہ اصلی اور حقیقی اصلاحات یہ ہونی چاہئیں کہ جعلی فارم 47 بنانے کے ذمہ داروں اور ان کی بنیاد پر پارلیمنٹ میں داخل ہونے والے افراد کے خلاف سخت قانونی سزا کا تعین کیا جائے، یا پھر پیسہ بچانے کے لیے آئندہ تمام انتخابات ہی ختم کر دیے جائیں اور ہر پانچ سال بعد صرف منظور شدہ ایم این ایز اور ایم پی ایز کی فہرست جاری کر دی جائے؟ اسد عمر نے ملکی معاشی ابتری اور عالمی اداروں کے جائزوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ جرمن عالمی نشریاتی ادارے ڈی ڈبلیو کا اپنے پروگرام میں یہ جائزہ لینا کہ آیا پاکستان ایک ناکام ریاست بن رہا ہے اور پیچھے کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، یہ ہمارے لیے ایک لمحہ فکریہ ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ عالمی بینک نے بھی اپنی رپورٹ میں واضح کر دیا ہے کہ پاکستان میں غربت کی شرح میں ریکارڈ اور شدید اضافہ ہوا ہے، جبکہ اس کے برعکس موجودہ حکومت کا مسلسل یہ دعویٰ ہے کہ معاشی حالات ماضی کی نسبت بہت بہتر ہو رہے ہیں۔ سابق وفاقی وزیر نے حکومتی رویے پر طنز کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ کیا حکومت کو کوئی ایسی معاشی بہتری دکھائی دے رہی ہے جو 25 کروڑ پاکستانیوں اور پوری دنیا کو نظر نہیں آ رہی؟ یا پھر حکومت حقیقت سے بالکل بے خبر اور کسی مغالطے کا شکار ہے؟ جب عام شہری مہنگائی اور معاشی بحران سے پس رہا ہو اور عالمی ادارے معاشی تنزلی کا اعتراف کر رہے ہوں، تو ایسے میں حکومت کا سب اچھا کا بیانیہ عوامی زخموں پر نمک پاشی کے مترادف ہے۔

(37)

جائے اور اسے اسلحے یا فوجی ساز و سامان کی ترسیل کے لیے استعمال نہ کیا جائے۔ احتجاج کی بڑی وجہ یہ ہے کہ اسرائیلی کمپنی ان کمپنیوں میں شامل ہے جو لاوریو بندرگاہ میں اکثریتی حصص حاصل کرنے کی دوڑ میں ہیں۔ موجودہ منصوبے کے تحت لاوریو پورٹ اتھارٹی کے 51 فیصد حصص نجی سرمایہ کار کو دینے کی کوشش کی جا رہی ہے، جبکہ معاہدے کی مدت 2062 تک ہو سکتی ہے۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ اسرائیلی کمپنی کے داخل ہونے سے بندرگاہ کے فوجی مقاصد کے لیے استعمال ہونے کا خطرہ بڑھ سکتا ہے۔ احتجاج میں فلسطینی پرچم بھی لہرائے گئے اور شرکا نے اسرائیل کے ساتھ یونان کے دفاعی تعاون اور غزہ کی جنگ کے تناظر میں بندرگاہ کو ممکنہ طور پر فوجی سرگرمیوں میں شامل کرنے کی مخالفت کی۔

(38)

بنیاد پر اور برطانوی حکومت کے اقدامات کے ردعمل میں کیا گیا ہے۔ وزارت نے اعلان کیا کہ برطانوی بحریہ اور رائل ایئر فورس کو تہران کی جانب سے دہشت گرد تنظیموں کی فہرست میں شامل کیا گیا ہے۔ یہ اقدام ایران کے جوابی کارروائی کے قانون کے تحت اٹھایا گیا ہے، جو امریکہ کی جانب سے پاسدارانِ انقلاب کو دہشت گرد تنظیم قرار دینے کے فیصلے کے ردعمل میں ہے۔ ایران نے اس فیصلے کی ایک وجہ جنگ کے دوران امریکہ اور اسرائیل کے ساتھ برطانیہ کا فوجی تعاون قرار دیا ہے۔ بیان کے مطابق، یہ فیصلے باہمی جوابی کارروائی کے اصول کے تحت اور قومی سلامتی اور مفادات کے تحفظ کے مقصد سے کیے گئے ہیں۔

(39)

ڈرون ہیڈکوارٹرز کی بیرونی دیوار سے ٹکرانے کے بعد نیچے گر گیا۔ ڈرون کی مدد سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کے اندرونی حصوں کی ریکی جاری تھی۔ سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی سیکیورٹی ٹیم نے سرویلنس ڈرون قبضے میں لے لیا اور اس وقت ڈرون کے ساتھ منسلک کیمروں اور بیٹری کی لائٹس آپریشنل تھیں۔ بعد ازاں بم ڈسپوزل اسکواڈ نے ڈرون کے معائنے کے بعد کلیئرنس دی۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان نے دہشت گردی کی نیت سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی جانب ڈرون بھیجا۔ حکام کا کہنا ہے کہ معاملے کی تمام پہلوؤں سے تحقیقات جاری ہیں۔ سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی سکیورٹی نے تھانہ ہربنس پورہ میں کارروائی کے لیے درخواست جمع کرا دی ہے۔

(40)

مسعود احمد، حاجی محمد قاسم خلجی، حاجی ولی محمد بڑیچ، صفی اللہ مینگل اور شاہ زاہد مشوانی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت کی بے حسی اور طرز حکمرانی نے عوام کو سنگین معاشی و معاشرتی مشکلات سے دوچار کر رکھا ہے۔ حکومتی دعوؤں اور عملی اقدامات میں تضاد ہے وزیر اعلیٰ وزرا اور افسر شاہی عوام کو درپیش بنیادی مسائل کے حل کے لیے عملی اقدامات کرنے میں ناکام دکھائی دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے کے عوام بے روزگاری، ہوشربا مہنگائی، ناجائز منافع خوری اور ذخیرہ اندوزی جیسے سنگین مسائل کے باعث شدید اذیت سے دوچار ہیں۔ گندم کے بحران نے آٹے کی قیمتوں میں ہوشربا اضافہ کر دیا ہے جسکے نتیجے میں بنیادی غذائی ضرورت غریب اور متوسط طبقے کی قوت خرید سے باہر ہوتی جا رہی ہے۔ اشیائے خورونوش کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے پہلے ہی معاشی مشکلات کا شکار عوام کی زندگی مزید اجیرن بنا دی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے اور عوام کو ریلیف فراہم کرنے کے دعوے اس وقت تک بے معنی ہیں جب تک گرانفروشوں ذخیرہ اندوزوں اور ناجائز منافع خور عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی نہیں کی جاتی۔ عوامی مفادات کے تحفظ میں حکومتی غفلت اور انتظامی کمزوریوں کے باعث شہریوں میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ صوبائی حکومت گندم اور آٹے کی قیمتوں میں استحکام کے لیے فوری اور ٹھوس اقدامات کرے۔

(41)

سواروں کی زد میں آ کر زخمی ہو گئے، جبکہ حادثے کے فوراً بعد موٹر سائیکل سوار موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے۔ واقعے کے بعد پولیس نے زخمی سب انسپکٹر کو فوری طور پر مقامی ہسپتال منتقل کیا، جہاں طبی امداد کے بعد ان کی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے۔ متعلقہ پولیس نے واقعے کا نوٹس لیتے ہوئے فرار ہونے والے موٹر سائیکل سواروں کی تلاش اور واقعے کی تفتیش شروع کر دی ہے۔

(42)

کامیاب ہوگئے۔ واقعے کے بعد علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ پولیس ذرائع کے مطابق کوٹ کھائی کے قریب ڈاکوؤں نے لوٹ مار کی کوشش کی، جس پر مزاحمت کے دوران مسلح ملزمان نے فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں عبدالرشید ولد احمد خان شاہوانی زخمی ہوگئے۔ زخمی شخص کا تعلق ضلع مستونگ سے بتایا جاتا ہے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی ڈھاڈر پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ گئی اور علاقے کو گھیرے میں لے کر ملزمان کی تلاش شروع کر دی۔ زخمی شخص کو فوری طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس نے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کرتے ہوئے ملزمان کی گرفتاری کے کارروائی کی جا رہی ہے۔

(43)

امداد کے لیے اسپتال منتقل کر دیا گیا۔ پولیس کی جوابی کارروائی میں ایک ملزم ہلاک ہو گیا، جس کی شناخت بلال ولد پیر محمد کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس حکام کے مطابق ہلاک ملزم کے قبضے سے غیر قانونی اسلحہ بمعہ ایمونیشن، چلیدہ خول، موبائل فونز اور نقد رقم برآمد کر لی گئی ہے۔

(44)

سکاؤٹس اور مقامی جانبازوں نے ہندوستانی فوج کے خلاف دلیری اور پوری قوت سے مقابلہ کیا اور علاقے میں پاکستانی پرچم لہرایا، ایک سال کی جدوجہد کے بعد 14 اگست 1948 کو بلتستان کو بھی ہندوستان کے تسلط سے آزاد کرا لیا گیا۔ جنگِ آزادی کے دوران گلگت بلتستان کے بہادر جوانوں نے دشمن کو شکست دی اور اپنی سرزمین کو بھارتی تسلط میں جانے سے روک دیا۔ جنگِ آزادی گلگت بلتستان کے دوران لڑی جانے والی جنگیں عالمی عسکری معرکوں میں بہادری کی روشن داستانیں سمجھی جاتی ہیں، آزادی کے بعد بھی گلگت بلتستان کے عوام نے پاک بھارت جنگوں میں جوانمردی کے ساتھ ناقابل فراموش کارنامے انجام دیے۔ دریں اثنا پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے یوم آزادی گلگت بلتستان کی مناسبت سے خصوصی ملی نغمہ شانِ پاکستان، گلگت بلتستان ریلیز کر دیا۔ گلگت بلتستان کے نامور شاعر ذیشان مہدی کا خوبصورت کلام، گلوکار جے جے علی شینا کی پراثر آواز میں پیش کیا گیا ملی نغمہ گلگت بلتستان کے عوام کی پاکستان سے عقیدت، قومی تشخص اور گہری دلی وابستگی کا عکاس ہے، جس میں گلگت بلتستان کی تاریخی جدوجہد اور پاکستان سے جڑے فخر و اعزاز کے جذبات اجاگر کیے گئے ہیں۔

(45)

پی پی پی میڈیا سیل سے جاری بیان میں ڈاکٹر نفیسہ شاہ نے کہا کہ آج کے دن 1947 میں گلگت بلتستان کے بہادر سپوتوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ڈوگرہ راج سے آزادی حاصل کی، گلگت بلتستان کو یہ آزادی کسی تحفے میں نہیں ملی بلکہ عوام کی بے مثال جرات، قربانی اور حب الوطنی کا نتیجہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان کی عوام نے ہمیشہ پاکستان سے بے لوث محبت کا ثبوت دیا ہے اور عوام ہر مشکل گھڑی میں وطن کے ساتھ کھڑے رہے ہیں۔ نفیسہ شاہ نے مزید کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی کا گلگت بلتستان کی عوام سے محض سیاسی تعلق نہیں بلکہ محبت، احترام اور اعتماد کا گہرا رشتہ ہے۔

(46)

جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سفارتی ذرائع کے مطابق ایرانی اور قطری نمائندوں کے درمیان 12 گھنٹے سے زائد بات چیت ہوئی، یہ سفارتی رابطے واشنگٹن کے ساتھ مسلسل رابطہ کاری کے تحت جاری ہیں۔ دوسری جانب خلیجی ممالک کو خدشہ ہے کہ انتخابات کے بعد ایران پر دوبارہ حملے شروع ہو سکتے ہیں، جس سے خطے میں کشیدگی ایک بار پھر بڑھنے کا امکان ہے۔

(47)

کومبارکباد دی ہے۔ ایوانِ صدر کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے پاکستان کی جانب سے جی۔ 24 کی صدارت سنبھالنے کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی جی۔ 24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی مؤثر نمائندگی کے لیے اہم موقع ہے۔ صدر مملکت نے کہا کہ پاکستان جی۔24 کے پلیٹ فارم کو ترقی پذیر معیشتوں کے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مؤثر انداز میں استعمال کر سکے گا۔ صدر مملکت نے کہا کہ یہ موقع پاکستان کو ترقیاتی فنانسنگ، موسمیاتی چیلنجز اور عالمی مالیاتی تعاون کے فروغ میں کردار ادا کرنے کا موقع فراہم کرے گا۔

اطلاعی رپورٹ برائے عوام الناس

گھریلو گیس میٹر کی چوری

اطلاع عام کیلئے عرض ہے کہ جلات خان کا گھریلو گیس میٹر مورخہ 26 اکتوبر 2026ء کو نامعلوم چوروں نے عثمان باغ سے چوری کر لیا ہے۔

گیس میٹر کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

مالک کا نام: جلات خان

شناختی کارڈ نمبر : 1234512345679

گیس میٹر نمبر : 17776026

واقعے کی تاریخ : 2026/10/26

مقام وقوعہ : عثمان باغ

رابطہ نمبر : 03352133393

تمام متعلقہ حکام، سوئی گیس انتظامیہ اور عوام الناس سے گزارش ہے کہ اس واقعے کا نوٹس لیں۔ اگر کسی شخص کو مذکورہ گیس میٹر کے بارے میں کوئی معلومات ملیں تو درج ذیل نمبر پر رابطہ کریں تاکہ قانونی کارروائی عمل میں لائی جا سکے۔

المشتہر : جلات خان

رابطہ نمبر: 03352133393

(48)

ہزار 800 روپے تک فروخت ہونے لگا، جس کے باعث گھریلو صارفین، رکشہ ڈرائیوروں، ہوٹلوں، تندوروں اور دیگر کاروباری شعبوں کی مشکلات بڑھ گئی ہیں۔ ایل پی جی ڈیلرز نے خبردار کیا ہے کہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہی تو قیمت ایک ہزار سے 1200 روپے فی کلو تک پہنچ سکتی ہے۔ تفصیلات کے مطابق کوئٹہ میں سردی کے موسم اور قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی کی طلب میں اضافہ ہو چکا ہے، تاہم قیمتوں میں حالیہ اضافے نے شہریوں کے لیے متبادل ایندھن کا استعمال بھی مشکل بنا دیا ہے۔ گھریلو صارفین کا کہنا ہے کہ گیس کی عدم دستیابی یا کم پریشر کے باعث انہیں کھانا پکانے اور دیگر ضروریات کے لیے ایل پی جی خریدنا پڑتی ہے، لیکن مسلسل بڑھتی قیمتوں نے گھریلو بجٹ پر اضافی بوجھ ڈال دیا ہے۔ ایل پی جی ڈیلرز کے مطابق قیمتوں میں اضافے کی ایک بڑی وجہ ایران سے منسلک سرحدی راستوں کی بندش اور سپلائی میں رکاوٹ ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ سرحدی صورتحال کے باعث مارکیٹ میں ایل پی جی کی دستیابی متاثر ہوئی ہے، جس کے اثرات قیمتوں کی صورت میں سامنے آ رہے ہیں۔ ایل پی جی گیس ڈیلرز ایسوسی ایشن کے نمائندوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ اگر موجودہ صورتحال برقرار رہی اور سرحدی راستوں سے سپلائی معمول پر نہ آئی تو آنے والے دنوں میں فی کلو قیمت ایک ہزار سے بڑھ کر 1200 روپے تک پہنچ سکتی ہے۔ اس صورت میں گھریلو سلنڈر کی قیمت میں بھی مزید اضافہ ہوگا، جس سے صارفین کی مشکلات بڑھنے کا خدشہ ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ 12 کلوگرام کا سلنڈر 7ہزار 800 روپے میں خریدنا عام خاندان کے لیے بڑا مالی بوجھ ہے۔ دوسری جانب رکشہ اور دیگر گاڑیوں میں ایل پی جی استعمال کرنے والے ڈرائیوروں کے مطابق گیس مہنگی ہونے سے روزانہ کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جبکہ قیمت میں مزید اضافے کی صورت میں موجودہ کرایوں پر گاڑیاں چلانا مشکل ہو جائے گا۔ ہوٹلوں، ریسٹورنٹس اور تندوروں سے وابستہ افراد نے بھی ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ گیس ان کے کاروباری اخراجات کا اہم حصہ ہے۔ قیمتوں میں مسلسل اضافے سے کھانا پکانے کے اخراجات بڑھ رہے ہیں، جس کے اثرات تیار کھانوں اور اشیائے خورونوش کی قیمتوں پر بھی پڑ سکتے ہیں۔ شہریوں اور ڈیلرز نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا ہے کہ ایران بارڈر سے متعلق تجارتی اور سپلائی کے معاملات جلد حل کیے جائیں، ایل پی جی کی دستیابی یقینی بنائی جائے اور مارکیٹ میں قیمتوں کی مؤثر نگرانی کی جائے۔ انہوں نے مصنوعی قلت اور ناجائز منافع خوری کی روک تھام کے لیے بھی اقدامات کا مطالبہ کیا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ سردی کے موسم میں گیس بنیادی ضرورت ہے، لیکن قدرتی گیس کی کم پریشر کے باعث ایل پی جی پر انحصار کرنے والے صارفین کو اب مہنگے متبادل ایندھن کا سامنا ہے۔ ڈیلرز کے مطابق سپلائی میں رکاوٹ برقرار رہنے کی صورت میں قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں، جس سے کوئٹہ سمیت بلوچستان کے دیگر اضلاع کے صارفین بھی متاثر ہوں گے۔

(49)

میڈیا کے مطابق امریکا کی جانب سے 14 جولائی سے ایران کی بحری ناکہ بندی شروع کیے جانے کے بعد اب تک کوئی ایرانی آئل ٹینکر چین نہیں پہنچا تھا۔

(50)

کہ ڈوگرہ راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ ملکی تاریخ کا ایک قابلِ فخر باب ہے۔ سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق چیئرمین سینیٹ نے مختلف جمہوری حکومتوں کی جانب سے گلگت بلتستان میں متعارف کرائی جانے والی اہم اصلاحات کو سراہتے ہوئے بالخصوص شہید ذوالفقار علی بھٹو، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو اور صدر آصف علی زرداری کی قیادت میں 2009ء میں پیپلز پارٹی کی حکومت کے دور میں کیے گئے بااختیار بنانے کے اقدامات کو اہم سنگِ میل قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ گلگت بلتستان پاکستان کے لیے تزویراتی، ثقافتی اور معاشی لحاظ سے غیر معمولی اہمیت کا حامل ہے۔ سید یوسف رضا گیلانی نے کہا کہ خطے کی پائیدار ترقی کے لیے بنیادی ڈھانچے، تعلیم، صحت، سیاحت اور روزگار کے مواقع میں بہتری ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گلگت بلتستان کی ترقی اور خوشحالی پاکستان کی مجموعی ترقی سے جڑی ہوئی ہے اور امید ظاہر کی کہ اس خطے کے عوام ایک مضبوط، متحد اور خوشحال پاکستان کی تعمیر میں اپنا بھرپور کردار ادا کرتے رہیں گے۔

(51)

شکست دے کر اپنی دھرتی کو آزاد کرایا، یہ خطہ بہادر شہدا اور غازیوں کی لازوال قربانیوں کی داستان ہے جسے کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ پی پی پی میڈیا سیل سے جاری پیغام میں ناز بلوچ نے کہا کہ پاکستان پیپلز پارٹی اور اہلیانِ گلگت بلتستان کے درمیان رشتہ محض لفظوں کا نہیں بلکہ عملی اقدامات کا رشتہ ہے، یہ تعلق اعتبار، چاہت اور قربت کا ہے جو گزرتے وقت کے ساتھ مزید گہرا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ قائدِ عوام شہید ذوالفقار علی بھٹو وہ پہلے قومی لیڈر تھے جنہوں نے گلگت بلتستان کے باسیوں کو غلامی کی زنجیروں سے نکال کر آزاد فضا میں سانس لینے کا موقع دیا، شہید بھٹو نے وہاں سے ایف سی آر کے نظام کو ختم کیا۔

(52)

صدر نے کہا ایران کے ساتھ مذاکرات ٹھیک چل رہے ہیں، ایران معاہدہ کرنا چاہتا ہے

ایران امریکا کشیدگی کم کرنے کی کوششیں تیز، دوحہ میں ایرانی وفد کی قطری ثالثوں سے ملاقات

ملاقات میں جنگ کے خاتمے اور کشیدگی کم کرنے کے امکانات پر بات چیت کی گئی، رپورٹ

گلگت بلتستان کے بہادر سپوتوں نے اپنی مدد آپ کے تحت ڈوگرا راج سے آزادی حاصل کی، نفیسہ شاہ

اورنگی ٹاؤن میں پولیس مقابلہ، ایک مبینہ ڈاکو ہلاک، اہلکار زخمی

گلگت بلتستان کا یوم آزادی جوش و جذبے سے منایا گیا

آئی ایس پی آر کا خصوصی ملی نغمہ پاکستان، گلگت بلتستان ریلیز



کوئٹہ، میٹروپولیٹن کارپوریشن کے ایڈمنسٹریٹر بشیر احمد بڑیچ کی پرانا اڈہ پر پبلک سیوریج لائن میں صفائی کی صورتحال کا جائزہ لے رہے ہیں

20 لاکھ بیرل خام تیل لے کر ایرانی ٹینکر سابقہ 3 ماہ بعد چین پہنچ گیا

کیم نومبر کو گلگت بلتستان کے جوانوں نے ڈوگرا راج کو شکست دے کر آزادی حاصل کی، بلاول



کوئٹہ، جوائنٹ روڈ اتوار بازار میں لوگ روزمرہ استعمال کی اشیاء خرید رہے ہیں

چیئرمین سینیٹ کی گلگت بلتستان کے عوام کو یوم آزادی پر مبارکباد

ڈوگرا راج سے آزادی اور پاکستان سے الحاق کا فیصلہ تاریخ کا ایک قابل فخر باب ہے

پاکستان کی جی-24 کی صدارت کا خیر مقدم، صدر زرداری کی وزیر خزانہ کو مبارکباد

جی-24 کی صدارت عالمی اقتصادی امور میں ترقی پذیر ممالک کی موثر نمائندگی کا اہم موقع ہے

کوئٹہ میں ایل پی جی 650 روپے فی کلو تک پہنچ گیا

ایران بارڈر کی بندش سے ایل پی جی بحران کا خدشہ، قیمت 1200 روپے فی کلو تک پہنچنے کی پیش گوئی



صحبت پور، ڈپٹی کمشنر فریحہ ترین پولیو کے انتظامات سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

افغان طالبان رجیم کی دہشتگردوں کو امریکی اسلحہ فراہمی کا انکشاف

بلوچستان میں بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں سے امریکی ساختہ ہتھیار برآمد کرلیا گیا

اس برآمد کئے گئے اسلحہ میں M16 اور M4 رائفلز، ایمنگ لیزر اور نائٹ ویژن ڈیوائسز شامل ہیں

کابل، واشنگٹن (جی این ایم) افغان طالبان رجیم کی جانب سے فتن الہندوستان اور فتن الخوارج کو امریکی ساختہ اسلحہ فراہم کرنے کے شواہد سامنے آگئے۔ بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز نے ہلاک ہونے والے بھارتی پراکسی فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں سے امریکی ساختہ ہتھیار برآمد کیے ہیں، جس میں M16 اور M4 رائفلز، ایمنگ لیزر اور نائٹ ویژن ڈیوائسز شامل ہیں۔ طالبان لیڈر ملا ہیبت اللہ کا فتنہ الہندوستان کو طالبان رجیم کی جانب سے اسلحہ فراہمی کے لیے لکھا گیا خط بھی دونوں کے گٹھ جوڑ کا واضح ثبوت ہے۔ اس حوالے سے خفیہ رپورٹ کے مطابق (باقی صفحہ 3 نمبر7)

کچھی، ڈکیتی کے دوران مزاحمت پر فائرنگ، ایک شخص شدید زخمی

مستونگ کا رہائشی عبدالرشید شاہوانی زخمی، ملزمان فرار، ڈھاڈر پولیس کا علاقے میں سرچ آپریشن شروع

کچھی (جی این ایم) بولان کے علاقے کوٹ کھائی کے قریب ڈاکوؤں کی لوٹ مار کے دوران مزاحمت پر فائرنگ سے ایک شخص زخمی ہوگیا، جبکہ ملزمان موقع سے فرار ہونے میں (باقی صفحہ 3 نمبر42)

صحبت پور، نامعلوم موٹر سائیکل سواروں کی ٹکر سے پولیس افسر زخمی، ملزمان فرار

سب انسپکٹر ہوت کھوسو مقامی ہسپتال منتقل، حالت خطرے سے باہر، پولیس کی تفتیش جاری

صحبت پور (جی این ایم) ضلع صحبت پور میں پولیس تھانہ صحبت پور کی حدود میں نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے پولیس افسر کو شدید ٹکر مار کر زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس ذرائع کے مطابق سب انسپکٹر ہوت کھوسو فرض کی ادائیگی کے دوران نامعلوم موٹر سائیکل (باقی صفحہ 3 نمبر41)

حکومت کی بے حسی اور انتظامی ناکامی نے عوام کو مشکلات میں دھکیل دیا، جمعیت

آٹے و اشیائے خورد و نوش کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافہ، گراں فروشوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی کی جائے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (جی این ایم) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، ڈپٹی سیکرٹری جنرل حاجی بشیر احمد کاکڑ، حاجی رحمت اللہ کاکڑ، حافظ شبیر احمد مدنی، سید حاجی عبدالواحد آغا، حافظ (باقی صفحہ 3 نمبر40)

لاہور، سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی عمارت سے جاسوس ڈرون ٹکرا گیا

نامعلوم ملزمان نے دہشت گردی کی نیت سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی جانب ڈرون بھیجا، پولیس

لاہور (جی این ایم) لاہور میں کاؤنٹر ٹیررزم ڈپارٹمنٹ کے ہیڈکوارٹرز کی عمارت سے سرویلنس ڈرون ٹکرا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس نے بتایا کہ یہ واقعہ گزشتہ شب 12 بجکر 30 منٹ پر پیش آیا، جس سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ سرویلنس ڈرون جلو موڑ کی طرف سے سی ٹی ڈی ہیڈکوارٹرز کی جانب آیا۔ حکام نے بتایا کہ جدید ساختہ سرویلنس (باقی صفحہ 3 نمبر39)

جعلی فارم 47 پر قائم پارلیمنٹ میں انتخابی اصلاحات! کیسی اصلاحات؟ اسد عمر

جعلی فارم 47 کے ذمہ داروں اور جعلی نتائج کی بنیاد پر پارلیمنٹ میں داخل ہونے والوں کو سزا ہوگی؟

اسلام آباد (جی این ایم) پاکستان تحریک انصاف کے سابق رہنما اور سابق وفاقی وزیر اسد عمر نے ملکی سیاسی اور معاشی صورتحال پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے موجودہ حکومت، انتخابی اصلاحات کی کوششوں اور حکومتی معاشی دعوؤں کو شدید تنقید کا نشانہ بنایا ہے۔ تفصیلات کے مطابق سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اپنے ایک بیان میں اسد عمر نے پارلیمنٹ کی جانب سے کی جانے والی انتخابی اصلاحات کی شفافیت اور قانونی حیثیت پر سوالات اٹھاتے ہوئے کہا (باقی صفحہ 3 نمبر36)



ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ہرنائی محمد سلیم ترین بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر انسداد پولیو مہم کا افتتاح کر رہے ہیں

قلات پولیس کی کارکردگی صفر، شکایات کا انبار

پولیس پر بھتہ خوری، شہریوں کو بلاجواز تنگ کرنے اور اہلکاروں کو ڈیوٹی سے استثنیٰ کے الزامات

قلات (یواین اے) قلات کے سیاسی، سماجی، قبائلی اور عوامی حلقوں نے علاقے میں امن و امان کی صورتحال پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پولیس کی کارکردگی، مبینہ بھتہ خوری، شہریوں کو بلاجواز تنگ کرنے اور دیگر شکایات پر اعلیٰ پولیس حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق علاقے میں امن و امان کی بہتری اور شہریوں کے (باقی صفحہ 3 نمبر32)

صحافیوں کے حقوق کے حصول کیلئے اتحاد، اتفاق اور باہمی احترام ناگزیر ہے، بلوچستان میڈیا فورم

صحافت میں اجارہ داری کا خاتمہ اور تمام صحافیوں کو برابری کی بنیاد پر تسلیم کرنا ہوگا، صدر قیوم بلوچ

کوئٹہ (یواین اے) بلوچستان میڈیا فورم کے مرکزی صدر قیوم بلوچ اور سیکرٹری جنرل میر اللہ داد رند نے کہا ہے کہ صحافیوں کے حقوق کے حصول، صحافتی برادری کو درپیش مسائل کے حل اور صحافت کے شعبے میں موثر آواز بلند کرنے کیلئے صحافیوں کا اتحاد و اتفاق، ایک دوسرے کو تسلیم کرنا، باہمی احترام اور برابری کی بنیاد پر تمام صحافتی تنظیموں کو ساتھ لے کر چلنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ (باقی صفحہ 3 نمبر31)

جامعہ بلوچستان ریٹائر اساتذہ کو واجبات کی عدم ادائیگی ظلم ہے، پروفیسر حلیم صادق

ریٹائرڈ اساتذہ کو پانچ سال بعد بھی پنشن اور لیو انکیشمنٹ کی ادائیگی نہ ہونا بدانتظامی کی بدترین مثال ہے

کوئٹہ (یواین اے) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے جامعہ بلوچستان کے ریٹائرڈ اساتذہ کو تاحال پنشن اور لیو انکیشمنٹ کی عدم ادائیگی پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے صوبائی حکومت اور جامعہ انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ ریٹائرڈ اساتذہ کے تمام جائز واجبات فوری طور پر ادا کیے جائیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں (باقی صفحہ 3 نمبر30)

صحبت پور، لاغر اور بیمار جانوروں کے گوشت کی فروخت جاری، محکمہ حیوانات خاموش تماشائی

شہریوں میں بیماریاں پھیلنے کا خدشہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور اعلیٰ حکام فوری نوٹس لیں، سیاسی و سماجی حلقوں کی اپیل

صحبت پور (یواین اے) ضلعی ہیڈکوارٹر صحبت پور سمیت تمام ملحقہ تحصیلوں میں قصابوں کی جانب سے لاغر اور بیمار جانوروں کا گوشت کھلے عام فروخت کرنے کا انکشاف ہوا ہے، جبکہ محکمہ حیوانات (لائیو اسٹاک) اس تمام صورتحال سے مکمل بے خبر اور خاموش تماشائی بنا ہوا ہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی ہیڈکوارٹر صحبت پور، تحصیل پہنور سنہڑی، تحصیل مانجھی پور، تحصیل (باقی صفحہ 3 نمبر29)



کوئٹہ، مسلم لیگ (ن) کی رکن قومی اسمبلی اختر بی بی اور فوکل پرسن وزیراعظم یوتھ پروگرام سجاد رئیسانی اور دیگر شوشل ورکر انتظار مسیح کے بیٹے شاہ انتظار کے بھائی آکاش عظیم کی وفات پر اظہار تعزیت کر رہے ہیں

ایران کی ایک یا دو جوہری تنصیبات پر کارروائی باقی ہے، ٹرمپ

ایران معاہدہ کرتا ہے اور پھر پیچھے ہٹ جاتا ہے، ضرورت پڑی تو 10 منٹ میں کارروائی کی جاسکتی ہے

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی اخبار وال اسٹریٹ جرنل کا کہا ہے کہ امریکا ایران پر بمباری دوبارہ شروع کرنے کی تیاری کر رہا ہے۔ امریکی اخبار نے اپنی رپورٹ میں کہ فوجی کارروائی امریکی وسط مدتی انتخابات کے بعد شروع ہوسکتی ہے۔ دوسری جانب امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران معاہدہ کرتا ہے اور پھر پیچھے ہٹ جاتا ہے، ایران زیادہ قابل بھروسا نہیں۔ امریکی (باقی صفحہ 3 نمبر6)



کوئٹہ، جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق کلی سردار سریاب میں ختم نبوت کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ایران نے برطانیہ کی رائل ایئرفورس اور بحریہ کو دہشت گرد تنظیمیں قرار دیدیا

تہران (جی این ایم) ایران کی وزارتِ خارجہ نے کہا ہے کہ برطانوی غیرملکی انٹیلی جنس سروس ایم آئی 6 کو مخالف گروہوں کی فہرست میں شامل کر لیا گیا ہے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق وزارت خارجہ کے بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ فیصلہ سپریم نیشنل سکیورٹی کونسل کی ایک قرارداد کی (باقی صفحہ 3 نمبر38)

یونانی بندرگاہ کی اسرائیلی کمپنی کو فروخت کے خلاف عوامی احتجاج، فلسطینی پرچم بھی لہرائے گئے

ایتھنز (جی این ایم) یونان کے شہر لاوریو میں مظاہرین بندرگاہ کی نجکاری اور اسے اسرائیلی کمپنی کے حوالے کیے جانے کے منصوبے کے خلاف سڑکوں پر نکل آئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق مظاہرین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بندرگاہ کی نجکاری کا فیصلہ منسوخ کیا (باقی صفحہ 3 نمبر37)

144 تجارتی جہازوں کا رخ موڑ دیا: امریکی سینٹکام

واشنگٹن (جی این ایم) امریکی سینٹرل کمانڈ (سینٹکام) نے کہا ہے کہ ایران کی بحری ناکہ بندی کے تحت امریکی فورسز نے اب تک 144 تجارتی جہازوں کا راستہ تبدیل کرایا ہے۔ سینٹکام نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس (باقی صفحہ 3 نمبر35)

امریکا میں وسط مدتی انتخابات سے قبل ووٹنگ کا نیا ریکارڈ بن گیا

واشنگٹن (جی این ایم) امریکا میں وسط مدتی انتخابات سے قبل ووٹنگ کا نیا ریکارڈ بن گیا۔ یونیورسٹی آف فلوریڈا کی الیکشن لیب کے مطابق اب تک پانچ کروڑ 27 لاکھ 96 ہزار سے زائد امریکی ووٹ ڈال چکے ہیں، جس کے بعد (باقی صفحہ 3 نمبر34)

گل پلازہ کے شہید فائر فائٹر کیلئے تمغۂ شجاعت کا اعلان، صدر مملکت نے منظوری دیدی

کراچی (جی این ایم) کراچی میں گل پلازہ آتشزدگی کے دوران اپنی جان کا نذرانہ دے کر دوسروں کی جان بچانے والے فائر فائٹر ہیرو شہید فرقان کو قومی اعزاز سے نوازا جائے گا۔ رپورٹ کے مطابق میئر کراچی بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کی جانب سے شہید فرقان کی خدمات کے اعتراف میں قومی اعزاز دینے کی کوششیں کامیاب (باقی صفحہ 3 نمبر33)

حب ڈیم کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے دو نوجوان جاں بحق

مقتولین کی شناخت اسد بندیجہ اور اصغر کے نام سے ہوگئی، فائرنگ کی وجوہات سامنے نہ آسکیں، پولیس کی تحقیقات جاری

حب (جی این ایم) ضلع حب میں حب ڈیم کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ کے نتیجے میں 2 نوجوان جاں بحق ہوگئے، جن کی لاشوں کو ضابطے کی کارروائی کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ امدادی ذرائع کے مطابق فائرنگ کے واقعے میں ہلاک ہونے والے دونوں نوجوانوں کو دو، دو گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے۔ ہسپتال ذرائع نے جاں بحق افراد کی شناخت اسد (باقی صفحہ 3 نمبر11)

وفاقی اور صوبائی حکومتیں عوام میں نفرت کی علامت بن چکی ہیں، لیاقت بلوچ

جماعت اسلامی پیٹرول لیوی کے خاتمے، بجلی کی قیمتوں میں کمی، آئی پی پیز کے خاتمے کے لیے عملاً جدوجہد کر رہی ہے

مرید کے / لاہور (جی این ایم) قائم مقام امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ جماعت اسلامی ملک و قوم کی خیرخواہ اور اس کی صالح قیادت ملک کے لیے نیک شگون ہے دینی مدارس اسلام کے قلع اور دینی جماعتیں ملک کی اسلامی نظریاتی، جغرفیائی، سرحدوں کی امین ہیں۔ ختم نبوت ہمارے ایمان کا جزو ہے، ملک میں غیر اسلامی شعار کے خلاف دینی جماعتیں (باقی صفحہ 3 نمبر12)

اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیرمقدم، حکومتی سرپرستی میں گودام بھی تعمیر کئے جائیں، ہمایوں اختر

عوام دہائیوں سے سبز باغ دکھانے والوں کے چہروں سے آشنا، اب ان کے بہکاوے میں نہیں آئیں گے، سابق وفاقی وزیر

لاہور (جی این ایم) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کسانوں کو مالی سہولتوں کی فراہمی کے لیے اپنا کسان بینک کے اعلان کا خیرمقدم کرتے ہوئے تجویز دی ہے کہ اس منصوبے کو وسعت دے کر حکومتی سرپرستی میں گوداموں کی تعمیر بھی کی جائے تاکہ کسان اچھی قیمت ملنے تک اپنی فصلیں محفوظ رکھ کر مڈل مین کے استحصال سے بچ سکیں، کسانوں کو آسان شرائط (باقی صفحہ 3 نمبر17)

سیاسی ومعاشی استحکام کیلئے قومی اتحاد، قانون کی بالادستی ناگزیر ہے، پنجاب بار کونسل

سیاسی جماعتیں ملکی مفادات کو ترجیح دیں، وکلاء کی فلاح و بہبود اولین ترجیح ہے، وائس چیئرمین قیصر نذیر ساہی

لاہور (جی این ایم) پنجاب بار کونسل کے وائس چیئرمین چودھری قیصر نذیر ساہی اور چیئرمین ایگزیکٹو کمیٹی چودھری ارشد علی ہنجرا نے کہا ہے کہ ملک کو موجودہ سیاسی و معاشی چیلنجز سے نکالنے کے لیے قومی یکجہتی، مضبوط اتحاد اور باہمی ہم آہنگی کی اشد ضرورت ہے، سیاسی جماعتیں ذاتی اور جماعتی اختلافات سے بالاتر ہو کر قومی مفادات کو ترجیح دیں اور ملک کی ترقی و استحکام کے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر18)



کوئٹہ، اہلیان جبل نور وہل علاقہ بروری سردار صلاح الدین محمد حسنی، غلام نبی زہری، میر باری داد محمد حسنی اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

مصر، بس اور ٹرک کے درمیان تصادم، 10 افراد ہلاک، 24 زخمی

قاہرہ (جی این ایم) مصر کے صوبے گیزہ میں مزدوروں کو لے جانے والی منی بس اور مال بردار ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں کم از کم 10 افراد ہلاک اور 24 زخمی ہوگئے۔ خلیجی اخبار کے مطابق وزارت صحت و آبادی نے بتایا کہ حادثہ ہفتے کے روز مڈل روڈ اور الدبعہ روڈ (باقی صفحہ 3 نمبر10)

لاہور، گیس سلنڈر دھماکے میں ایک شخص جاں بحق، 8 افراد زخمی

لاہور (جی این ایم) لاہور کے علاقے گلبرگ انڈسٹریل ایریا میں بیکری کے کارخانے میں سلنڈر پھٹنے سے دھماکا ہوا جس کے نتیجے میں ایک شخص جاں بحق اور 8 افراد زخمی ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق دھماکا بیکری کے کارخانے کی پہلی منزل پر ہوا جہاں واقعے کے وقت 40 سے (باقی صفحہ 3 نمبر13)

کراچی، مبینہ پولیس مقابلوں میں ایک ڈاکو ہلاک، 4 زخمیوں سمیت 5 گرفتار

کراچی (جی این ایم) کراچی کے علاقے ضلع ویسٹ اور سینٹرل میں پولیس نے تین مختلف مبینہ مقابلوں کے دوران ایک ملزم کو ہلاک جبکہ چار زخمیوں سمیت پانچ ملزمان کو گرفتار کرلیا، فائرنگ کے تبادلے میں ایک پولیس (باقی صفحہ 3 نمبر16)

بھارتی پنجاب اسمبلی کا کرتار پور راہداری فوری کھولنے کا مطالبہ، متفقہ قرارداد منظور

چندی گڑھ (جی این ایم) بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتار پور راہداری فوری کھولنے کا مطالبہ کر دیا۔ کے ایم ایس کے مطابق بھارتی پنجاب اسمبلی نے کرتار پور راہداری فوری کھولنے کے مطالبے پر متفقہ قرارداد منظور کرلی، قرارداد وزیر (باقی صفحہ 3 نمبر20)

لائبہ اعجاز کیس کے ملزم نعمان کا مانسہرہ کی 3 خواتین کے ساتھ بھی مالی فراڈ کا انکشاف

اسلام آباد (جی این ایم) لائبہ اعجاز کیس کے ملزم نعمان کی جانب سے مانسہرہ کی 3 خواتین کے ساتھ بھی مالی فراڈ کا انکشاف ہوا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ خواتین کو نوکری کا جھانسہ دے کر ملزم نے لاکھوں روپے بٹورے۔ ایک متاثرہ خاتون نے کہا کہ نعمان نے 2025 میں 12 لاکھ روپے لیے (باقی صفحہ 3 نمبر23)

ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں جزوی ابرآلود رہے گا

بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں بارش جبکہ پہاڑوں پر ہلکی برفباری کا امکان

اسلام آباد (جی این ایم) ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک اور شمالی علاقوں میں جزوی ابر آلود جبکہ بالائی خیبر پختونخوا اور گلگت بلتستان میں چند مقامات پر ہلکی بارش اور پہاڑوں پر ہلکی برفباری کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں موسم خشک رہنے جبکہ شمالی علاقوں میں مطلع جزوی ابر آلود اور صبح و رات کے اوقات (باقی صفحہ 3 نمبر8)

بھارت میں سکھوں کے بدترین قتلِ عام کو 42 سال گزر گئے

فسادات کے دوران ہزاروں بے گناہ سکھ قتل کیے گئے، سیکڑوں خواتین کو جنسی تشدد کا نشانہ بنایا گیا

نئی دہلی (جی این ایم) بھارت میں سکھوں کے بدترین اور شرمناک قتلِ عام کو 42 سال بیت گئے۔ کیم نومبر 1984 بھارتی تاریخ کے دردناک واقعات میں شمار ہوتا ہے، جب سابق وزیراعظم اندرا گاندھی کے قتل کے بعد شروع ہونے والے سکھ مخالف فسادات کو آج 42 سال گزر چکے ہیں۔ 31 اکتوبر 1984 کو اندرا گاندھی کے قتل کے بعد سکھوں کے خلاف جان (باقی صفحہ 3 نمبر14)

گورنر کے پی کا شہدا کے بچوں کی تعلیم، روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام، فخر شہدا اسکالرشپ پروگرام کا آغاز

شہدا کے بچوں کو پہلی جماعت سے انٹرمیڈیٹ تک مفت تعلیم فراہم کی جائے گی، گورنر فیصل کنڈی

پشاور (جی این ایم) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے شہدا کے بچوں کی تعلیم اور روشن مستقبل کیلئے عملی اقدام اٹھایا ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا اور پاکستان سویٹ ہوم کی مشترکہ کاوش سے فخر شہدا سکالرشپ پروگرام کا آغاز کر دیا گیا، پروگرام کے تحت شہدا کے بچوں کو (باقی صفحہ 3 نمبر15)

اوستہ محمد، پولیس کی جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری، امن وامان پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا

منشیات فروشوں اور چوروں کے خلاف سخت اقدامات، شہری مشکوک سرگرمیوں کی فوری اطلاع دیں، ایس ایچ او حضور بخش جمالی

اوستہ محمد (یواین اے) ایس ایچ او پولیس تھانہ صدر اوستہ محمد حضور بخش جمالی نے کہا ہے کہ شہر میں امن و امان کی صورتحال برقرار رکھنے اور جرائم پیشہ عناصر کے خاتمے کے لیے پولیس کی کارروائیاں تسلسل کے ساتھ جاری ہیں۔ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل (باقی صفحہ 3 نمبر19)

کوہلو، اسٹیٹ لائف (طیب تکافل) کے ضلعی برانچ کا باقاعدہ افتتاح

شیخ الحدیث مولانا کریم بخش اور دیگر علما و معززین نے نیو کوہلو بس اسٹینڈ میں برانچ کا افتتاح کیا

کوہلو (یواین اے) بلوچستان کے ضلع کوہستان مری میں اسٹیٹ لائف (طیب تکافل) کے ضلعی برانچ کا باقاعدہ افتتاح شیخ الحدیث مولانا کریم بخش اود دیگر علما اور مفتیان اکرام قبائلی سماجی شخصیات نے فیتہ کاٹ دیا۔ افتتاحی تقریب میں زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات اور معززین نے شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق نیو کوہلو (باقی صفحہ 3 نمبر21)

شہید استاد محمد اکبر چھلگری کی 22ویں برسی 6 نومبر کو عقیدت و احترام سے منائی جائے گی، جی ٹی اے

شہید استاد کی قربانی اساتذہ برادری کے لیے عزم و استقامت کی علامت ہے، صوبائی آرگنائزر سجاد حسین رند

گنداخہ (یواین اے) گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے صوبائی آرگنائزر اور قائد اساتذہ سجاد حسین رند نے شہید استاد محمد اکبر چھلگری کی 22ویں برسی کے موقع پر اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ شہید استاد محمد اکبر چھلگری ایک ایسی عظیم شخصیت تھے جن کی قربانی، جدوجہد (باقی صفحہ 3 نمبر22)



کوئٹہ، اوپل کراؤن ایجوکیشنل اکیڈمی کی سالانہ رزلٹ تقریب سے اوپل کراؤن کے سی ای او حاجی طاہر خان اچکزئی خطاب کر رہے ہیں

یمنی فوج کا حوثیوں کیخلاف آپریشن جاری، 427 جنگجو ہلاک مارے گئے

142 فوجی گاڑیاں، جنگی سازوسامان اور نقل وحمل کے ذرائع تباہ، ریاض ایئرپورٹ پر 94 فیصد پروازیں منسوخ ہوئیں، بلوم برگ

حوثی ملیشیا داعش اور القاعدہ سے بھی زیادہ خطرناک، حوثیوں کی کارروائیاں عالمی معیشت اور بین الاقوامی امن وسلامتی کو متاثر کررہی ہیں، یمنی وزیرخارجہ ڈاکٹر افرا الزوبہ

صنعا، ریاض (جی این ایم) یمنی فوج کے حوثی ملیشیا کے خلاف جاری آپریشن فجرِ الیمن کے تحت تازہ کارروائی میں 427 جنگجو ہلاک ہوگئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق یمنی مسلح افواج کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ گزشتہ چند گھنٹوں کے دوران حوثی قیادت، اجتماعات اور فوجی قافلے کو نشانہ بنایا گیا، حوثی ملیشیا کی کمک، فوجی ٹھکانوں اور رسد کے ذرائع پر بھی حملے کیے گئے۔ یمنی فوج کا کہنا ہے کہ صوبہ الجوف کے مختلف محاذوں پر کئی اہم مقامات اور سٹریٹجک پوزیشنز کا کنٹرول حاصل کرلیا گیا، آپریشن کے تحت 24 گھنٹوں میں 427 حوثی جنگجو ہلاک کیے گئے جبکہ 142 فوجی گاڑیاں، جنگی سازوسامان اور نقل وحمل کے ذرائع بھی تباہ کیے گئے۔ یمنی فوج نے مجموعی طور پر آپریشن فجر الیمن کے تحت حوثیوں کے خلاف ایک ہزار 119 کارروائیاں کرنے (باقی صفحہ 3 نمبر24)

آئی ٹی پی کی طلبا کیلئے 42 روز بلرز انتظار کی مدت کے بغیر موٹر سائیکل لائسنس فراہمی جاری

اسلام آباد (جی این ایم) اسلام آباد ٹریفک پولیس (آئی ٹی پی) نے کالج اور یونیورسٹی کے طلبا کے لیے ایک خصوصی سہولت متعارف کرائی ہے، جس کے تحت کیم نومبر سے 30 نومبر 2026 تک، 42 روزہ لازمی لرنر مدت (باقی صفحہ 3 نمبر28)

خضدار، نیشنل پارٹی تحصیل خضدار کے ڈپٹی آرگنائزر عاشق حسین کرد کے گھر پر فائرنگ کی شدید مذمت

خضدار رات کے اوقات میں چوروں اور جرائم پیشہ عناصر کے رحم وکرم پر ہے، انتظامیہ ملزمان کو گرفتار کرے، ترجمان نیشنل پارٹی

خضدار (یواین اے) نیشنل پارٹی ضلع خضدار کے ترجمان نے نیشنل پارٹی تحصیل خضدار کے ڈپٹی آرگنائزر عاشق حسین کرد کے گھر پر رات کے وقت فائرنگ کے واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سیاسی کارکنان کو خوف و ہراس میں مبتلا کرنے اور ان کی سیاسی سرگرمیوں کو دبانے کی کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی۔ ترجمان نے کہا کہ خضدار عملا رات (باقی صفحہ 3 نمبر27)

اسرائیلی پارلیمنٹ میں سابق یہودی پولیس افسر اسلامی جماعت راعم کا رکن منتخب

تل ابیب (جی این ایم) اسرائیلی پارلیمنٹ میں نئی سیاسی مثال قائم ہوگئی جہاں ایک سابق یہودی پولیس افسر اسلامی جماعت راعم کا رکن منتخب ہوگیا۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق اسرائیل میں سابق یہودی پولیس افسر یوآو سیگالووٹز (باقی صفحہ 3 نمبر26)

کوئٹہ میں گیس کا صفر استعمال، بل 44 لاکھ روپے! خالی گھر نے بھی کمپنی کو لاکھوں کا حساب دے دیا

گھر میں گیس جلی نہ چولہا، مگر بل ایسا آیا جیسے پورا شہر یہیں سے گرم کیا ہو! شہری پوچھنے لگا، آخر گیس استعمال کس نے کی؟

کوئٹہ (یواین اے) کوئٹہ میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی بلنگ کا ایسا حیران کن معاملہ سامنے آیا ہے، جس نے صارف کو پریشان کرنے کے ساتھ شہریوں کو بھی حیرت میں ڈال دیا۔ ایک خالی مکان کا گیس استعمال صفر یونٹ بتایا گیا، لیکن بل کی رقم 44 لاکھ روپے سے تجاوز کرگئی۔ شہری نے بل دیکھ کر شاید یہی سوچا ہوگا کہ گھر میں چولہا تو نہیں جلا، مگر بل بنانے والوں نے پورا گیس نیٹ ورک اسی مکان کے نام کردیا! متاثرہ صارف کے مطابق جس گھر کا بل جاری کیا گیا وہ خالی (باقی صفحہ 3 نمبر25)



کوئٹہ، صوبائی وزیر صادق عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری میر لیاقت لہڑی سے پی پی پی کے مرکزی رہنما روزی خان کاکڑ و دیگر کا ملاقات کے موقع پر گروپ فوٹو